آواران میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، باپ بیٹا جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) آواران کے علاقے جھاؤ میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے باپ بیٹے کو قتل کر دیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز جھاؤ کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے باپ بیٹے کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے۔ نعشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں۔ جنہیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا

★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ تعمیرِ وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

دکی کے علاقے میں آسمانی بجلی گرنے سے ایک شخص ہلاک

کوئٹہ (آن لائن) دکی کے علاقے میں آسمانی بجلی گرنے سے ایک شخص ہلاک ہوگیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب دکی کے علاقے شریانی لونی سے تعلق رکھنے والا شخص شراف الدین آسمانی بجلی گرنے کے باعث ہلاک ہوگیا۔

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 329 بروز منگل 25 اگست 2026ء 11 ربیع الاول 1448ھ......قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

قوم کو مبارک باد، بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور ریٹنگ ایجنسیوں کی جانب سے پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری کا اعتراف خوش آئند ہے، وزیراعظم شہباز شریف

ہماری منزل پاکستان کو ایک مضبوط، خود کفیل اور پائیدار معیشت بنانا ہے، شہباز شریف

بین الاقوامی اداروں کی جانب سے ریٹنگ میں بہتری اس کا واضح ثبوت ہے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری حکومت کی معاشی پالیسیوں اور اصلاحات پر عالمی اعتماد کا مظہر ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے موڈیز کی جانب سے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ Caa1 سے بڑھا کر B3 کرنے پر قوم کو مبارکباد دی ہے اور پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری کا خیرمقدم کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم نے حکومتی معاشی ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور تمام متعلقہ وزرا و حکام اس امر کے لیے لائق تحسین ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری حکومت کی معاشی پالیسیوں اور اصلاحات پر عالمی اعتماد کا مظہر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور (باقی صفحہ 2 نمبر1)

بلوچستان کی دھرتی کا ثقافتی ورثہ ہمارا قیمتی اثاثہ ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گزشتہ روز معروف گلوکار و فنکار عارف بگٹی نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان کی لوک ثقافت، موسیقی اور صدیوں پر محیط لوک داستانوں کو جدید انداز میں نئی نسل تک منتقل کرنے کے حوالے سے تبادلہ (باقی صفحہ 2 نمبر29)

دہشتگردوں کے خلاف سخت کارروائی ناگزیر ہے، نواب ثناء اللہ زہری

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے ضلع پشین میں بے گناہ مزدوروں کو فائرنگ کرکے نشانہ بنانے کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نہتے مزدوروں (باقی صفحہ 2 نمبر30)

سیرت النبی ﷺ سے متعلق خطاطی کی نمائش نوجوان نسل کیلئے مشعل راہ ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی میں حضور اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت کے 1501 سال کی مناسبت سے معروف خطاط واصل شاہد کے خطاطی کے فن پاروں کی نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے پارلیمنٹ ہاؤ (باقی صفحہ 2 نمبر31)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گلوکار آرٹسٹ عارف بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

ایک بار پھر معصوم پاکستانیوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر شہید کیا گیا، دہشت گردوں نے انسانیت کی تمام حدیں پار کردی ہیں: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

دہشتگردوں اور سہولت کاروں کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائیں گے بلوچستان میں معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والوں کیلئے کوئی جگہ نہیں ہے

مزدوروں پر دہشتگرد حملہ انسانیت کی تمام حدود سے تجاوز ہے، کوئی رعایت نہیں ہوگی، وزیراعلیٰ بلوچستان

محنت کش مزدور اپنے بچوں کا پیٹ پالنے اور ملک و صوبے کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے کام کر رہے تھے، انہیں نشانہ بنانا دہشت گردوں کی سفاک ذہنیت کا واضح ثبوت ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع پشین کے علاقے سرانان بازار میں سڑک کی تعمیر میں مصروف مزدوروں پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک بار پھر معصوم پاکستانیوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر شہید کیا گیا، دہشت گردوں نے انسانیت کی تمام حدیں پار کردی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ محنت کش مزدور اپنے بچوں کا پیٹ پالنے اور ملک و صوبے کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے کام کر رہے تھے، انہیں نشانہ بنانا (باقی صفحہ 2 نمبر2)

وزیراعلیٰ بلوچستان کی سابق گورنر بلوچستان کے انتقال پر اظہار تعزیت

جنرل (ر) عمران اللہ خان ایک باوقار، مخلص اور قابل احترام شخصیت تھے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق گورنر بلوچستان جنرل (ر) عمران اللہ خان کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جنرل (ر) عمران اللہ خان کے انتقال کی خبر انتہائی افسوسناک اور باعث صدمہ ہے۔ مرحوم ان کے والد محترم میر غلام قادر بگٹی کے قریبی (باقی صفحہ 2 نمبر6)

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں برقی لائنوں کی شفٹنگ اور بجلی کے کھمبوں کی تنصیب کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 25 اگست (باقی صفحہ 2 نمبر5)

شاہد خاقان عباسی، مفتاح اسماعیل کی مولانا فضل الرحمن سے ملاقات

ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، موجودہ ملکی حالات اور سیاسی منظرنامے پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ و سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی، سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن سے ملاقات کی۔ میڈیا سیل ہے یو آئی پاکستان کے مطابق ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، موجودہ ملکی حالات اور سیاسی منظرنامے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا (باقی صفحہ 2 نمبر3)

سابق گورنر بلوچستان جنرل ریٹائرڈ عمران اللہ خان کی نماز جنازہ اتمانزئی، چارسدہ میں ادا کردی گئی

چارسدہ (خ ن) سابق گورنر بلوچستان جنرل ریٹائرڈ عمران اللہ خان کی نماز جنازہ اتمانزئی، چارسدہ میں ادا کردی گئی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نماز جنازہ میں شرکت کی اور مرحوم کے اہل خانہ سے تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان (باقی صفحہ 2 نمبر4)

پاکستان اور بنگلہ دیش کے دوطرفہ روابط مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر اتفاق

پاکستان کی بنگلہ دیش کو شعبہ قانون میں اصلاحات اور ڈیجیٹلائزیشن میں تعاون کی پیشکش کی گئی

دونوں اطراف نے باہمی تعاون مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے بنگلہ دیشی ہائی کمشنر محمد اقبال حسین کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں پاک بنگلہ دیش تعلقات، قانونی اصلاحات اور نظام انصاف کی ڈیجیٹلائزیشن پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں اطراف نے پاک بنگلہ دیش تعلقات میں مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور پاکستان (باقی صفحہ 2 نمبر28)

اسلام آباد، وفاقی وزیر برائے خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی کوششوں کے سلسلے میں ایران پہنچے ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر ایران پہنچ گئے، وزیر داخلہ اسکندر مومنی سے ملاقات

فیلڈ مارشل عاصم منیر مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کے حل کے لیے کوششوں کے فروغ پر توجہ مرکوز رکھیں گے، آئی ایس پی آر

آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ایران کے دورے پر ہیں، وزیر داخلہ محسن نقوی بھی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ ہیں

راولپنڈی / تہران (نیوز ایجنسیاں) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر اہم دورے پر ایران پہنچ گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ایران کے دورے پر ہیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی بھی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ ہیں۔ تہران میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی سے ملاقات بھی ہوئی۔ ملاقات میں وزیر داخلہ محسن نقوی بھی شریک تھے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی کوششوں (باقی صفحہ 2 نمبر7)

اسلام آباد: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

گوادر، ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن جی ڈی اے کی جانب سے شادی کور ٹرانسمیشن لائن سے منسلک متعدد دیہاتوں میں پانی کی فراہمی کے نئے منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

سرکاری معلومات کی مؤثر تشہیر اور عوام تک درست معلومات کی رسائی سمیت مختلف امور پر مشاورت کرتے ہیں

میر لیاقت علی لہڑی کی سیکرٹری اطلاعات عمران خان سے ملاقات

عوامی فلاح و بہبود کے لیے جاری ترقیاتی سرگرمیوں، حکومتی اقدامات اور عوام کو درپیش مسائل کے حوالے سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی نے سیکرٹری اطلاعات حکومت بلوچستان عمران خان سے ملاقات کی، جس میں صوبے میں جاری مختلف امور، حکومتی اقدامات، عوامی مسائل اور باہمی دلچسپی کے معاملات پر تفصیلی (باقی صفحہ 2 نمبر8)

آزاد کشمیر میں حکومت سازی، ن لیگ نے پیپلز پارٹی کو جھنڈی کروادی

سیاسی جوڑ توڑ اور ممکنہ حمایت کے نتیجے میں مسلم لیگ (ن) کے ارکان کی تعداد 26 ہوگئی

اسلام آباد (آن لائن) آزاد کشمیر میں حکومت سازی کے مرحلے پر سیاسی درجہ حرارت بڑھ گیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) نے پیپلز پارٹی کو حکومت میں شامل کرنے کی خواہش کو مسترد کرتے ہوئے اپنے بل بوتے پر حکومت بنانے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سیاسی جوڑ (باقی صفحہ 2 نمبر10)

جماعت اسلامی بلوچستان نے گورنر ہاؤس کیساتھ 29 اگست کی تیاریاں شروع کردیے

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان نے گورنر ہاؤس کیساتھ 29 اگست کی تیاریاں شروع کردیے۔ مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئی۔ جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹری (باقی صفحہ 2 نمبر9)

مسلح گروہوں کا بے گناہ مزدوروں کی قتل عام اور علاقے کو محاصرہ کرنا قابل مذمت اقدام ہے، اے کے ایم

پشتون بلوچ اقوام کے ذمہ دار زعما کو اس قسم کے نارو اقدامات کی روک تھام کیلئے مکمل ذمہ داری کا احساس کرنا ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) افغان قومی موومنٹ کے صوبائی پریس ریلیز میں ضلع پشین کے تحصیل سرانان میں گزشتہ ایک ہفتے سے پے درپے مسلح گروں کا علاقے کو محاصرہ کرنے کے بعد بے گناہ مزدوروں کی قتل عام کو قابل مذمت اقدام قرار دیکر شدید رد عمل کا اظہار کیا گیا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر11)

لورالائی، تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 2 افراد جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) لورالائی کے علاقے میں تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔ نعشوں کو ہسپتال (باقی صفحہ 2 نمبر12)

ایوان بالا میں اپوزیشن کا قرارداد پیش کرنے کی اجازت نہ ملنے پر شدید احتجاج

اپوزیشن کی جانب سے دو بار کورم کی نشاندہی، کورم پورا نہ ہونے پر کارروائی منگل تک ملتوی کردی گئی

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا میں اپوزیشن کا قرارداد پیش کرنے کی اجازت نہ ملنے پر شدید احتجاج۔ اپوزیشن کی جانب سے دو بار کورم کی نشاندہی کی گئی اور کورم پو (باقی صفحہ 2 نمبر27)

ایوان بالا میں متعدد ترمیمی بلز پیش، متعلقہ کمیٹیوں کو بھجوا دیے گئے

جو قرارداد لانا چاہتے ہیں اس کا معاملہ عدالت میں زیر بحث ہے، وزیر قانون

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا میں متعدد ترمیمی بلز پیش، متعلقہ کمیٹیوں کو بھجوا دیے گئے۔ سینیٹ کا اجلاس ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید آل خان ناصر کی صدارت میں سوموار کو (باقی صفحہ 2 نمبر22)

اس قسم کے مقدمات کو اپنے لیے اعزاز سمجھتا ہوں اور ان شاءاللہ اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے

عوامی حقوق کے حصول کی بات کرنے سے پیچھے نہیں ہٹوں گا، مولانا ہدایت الرحمن

مات سے انہیں خوفزدہ نہیں کیا جا سکتا، بلوچستان اور عوام کے حقوق کے لیے اپنی آواز بلند کرتا رہوں گا

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے وحق دو تحریک گوادر کے قائد مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے اپنے خلاف درج مقدمے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایک نہیں، ہزار مقدمات بھی درج کیے جائیں ظلم و جبر کے خلاف عوامی حقوق کے حصول کی بات کرنے سے پیچھے نہیں ہٹوں گا مقدمات سے انہیں خوفزدہ نہیں کیا جا سکتا، بلوچستان اور عوام کے حقوق کے لیے اپنی آواز بلند کرتا رہوں (باقی صفحہ 2 نمبر26)

شہری ڈی جی نیب بلوچستان کے سامنے براہ راست شکایات پیش کرسکیں گے

نیب بلوچستان کی کھلی کچہری 27 اگست کو کوئٹہ میں ہوگی

نیب بلوچستان کی کھلی کچہری میں مالی بدعنوانیوں کی شکایات سنی جائیں گی

کوئٹہ (پ ر) صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے۔ جس میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو بذات خود سنتے ہیں۔ اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد مورخہ 27 اگست 2026 (بروز جمعرات) بوقت صبح گیارہ تا ایک بجے سہ پہر کو نیب (بلوچستان) کے دفتر واقع شاہر (باقی صفحہ 2 نمبر13)

واشک میں حادثے کے دوران 4 افراد جاں بحق 2 زخمی

انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی نعش اور زخمیوں کو واشک شمشی ہسپتال منتقل کردیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے واشک میں حادثے کے دوران 4 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز واشک کے علاقے شمشی کے قریب تیز رفتار گاڑی ڈرائیور بے قابو ہو کر الٹ گئی جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار 3 افراد موقع پر جاں بحق اور 3 زخمی ہوگئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی نعش اور زخمیوں کو واشک شمشی ہسپتال منتقل کردیا گیا یہاں پر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ایک اور زخمی چل بسا ہلاکتوں کی تعداد 4 ہوگئی۔ زخمیوں میں ایک بچہ بھی شامل ہے۔ نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کرد (باقی صفحہ 2 نمبر23)

ڈاکٹر حسن ڈوکی نے بطور ڈی ایچ او بارکھان اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ طور پر فرائض کی انجام دہی شروع کردی

بارکھان (خ ن) ڈاکٹر حسن ڈوکی نے بطور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO) بارکھان اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعد (باقی صفحہ 2 نمبر20)

کوئٹہ، سوراب میں نامعلوم افراد کی فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) سوراب کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سوراب کے علاقے گدر میں (باقی صفحہ 2 نمبر21)

اسسٹنٹ کمشنر بیلہ نصیب اللہ بزنجو سے ڈی ایس پی موٹر وے پولیس بیلہ کی ملاقات

لسبیلہ (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر بیلہ نصیب اللہ بزنجو سے ان کے دفتر میں ڈ (باقی صفحہ 2 نمبر19)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے استحکام پاکستان پارٹی کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے استحکام پاکستان پارٹی کے وفد کی ملاقات ہوئی، ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں وزیر مملکت برائے سمندر پار پاکستانیز عون چوہدری، رکن قومی اسمبلی منزہ حسن اور رکن قومی اسمبلی گل اصغر خان شامل تھے۔ ملاقات میں وزیر دفاع خواجہ محمد آ (باقی صفحہ 2 نمبر14)

سیرت ہمیں محبت، اخوت، برداشت، رواداری، عدل، امن اور حسن اخلاق کا درس دیتی ہے، سردار یوسف

نوجوان نسل کو درپیش فکری، اخلاقی اور معاشرتی چیلنجز کا مؤثر حل تعلیمات نبوی ﷺ میں موجود ہے، وفاقی وزیر

راولپنڈی (آن لائن) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ سیرت طیبہ ﷺ ہمیں محبت، اخوت، برداشت، رواداری، عدل، امن اور حسن اخلاق کا درس دیتی ہے نوجوان نسل کو درپیش فکری، اخلاقی اور معاشرتی چیلنجز کا مؤثر حل تعلیمات نبوی ﷺ میں موجود ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز محکمہ اوقاف و مذہبی امور راولپنڈی زون کے زیر اہتمام زونل سیرت النبی ﷺ کانفرنس سے خطاب میں کیا کانفرنس میں ڈائریکٹر اوقاف پنجاب وقاص الدین، مفتی انتخاب نوری، ملک ابرار ایم این اے، آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا، سی پی او مشتاق سکھیرا، اے ڈی سی جی ہیڈکوارٹر عبدالرحمن خان اور ایڈیشنل کمشنر منصور احمد خان کے علاوہ خانقا (باقی صفحہ 2 نمبر16)

عوامی مسائل کی نشاندہی میں اہم اور تعمیری کردار ادا کیا ہے، ونگ کمانڈر

کوہلو پریس کلب کے صحافیوں نے علاقے کی ترقی کیلئے کردار ادا کیا، گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) کوہلو پریس کلب کے صحافیوں نے ہمیشہ علاقے کی ترقی، عوامی مسائل کی نشاندہی اور مثبت صحافت کے فروغ میں اہم اور تعمیری کردار ادا کیا ہے۔ امید ہے کہ مستقبل میں بھی صحافی اسی جذبے کے ساتھ علاقے کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرتے رہیں گے۔ تفصیلات کے مطابق تبادلہ ہونے والے ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل طہٰ علی خان اور نئے تعینات ہونے والے ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل سرمد خان نے کوہلو پریس کلب کا دورہ کیا جہاں پر بانی پریس کلب زبید ارمری اور سینئر صحافی سید ناظم شاہ مری نے دونوں معزز آفیسر (باقی صفحہ 2 نمبر24)

میونسپل کارپوریشن تربت کے میئر کا گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول ڈشتی بازار تربت کا دورہ

تربت (خ ن) میونسپل کارپوریشن تربت کے میئر بلخ شیر قاضی نے گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول ڈشتی بازار تربت کا دورہ کیا جہاں اسکول کے اساتذہ اور اسٹاف نے ان کا (باقی صفحہ 2 نمبر18)

آئی جی بلوچستان پولیس کی بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کے اعلیٰ سطحی اجلاس

جرائم اور مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی کرتے ہوئے پولیس کے رسپانس میکنزم کو مزید موثر بنایا جا سکتا ہے، محمد طاہر

پولیس کو 631 اہم شواہد فراہم کیے، جن کی مدد سے جرائم کی تحقیقات اور ملزمان تک پہنچنے کے عمل کو موثر بنانے میں معاونت حاصل ہوئی

کوئٹہ (خ ن) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے کہا ہے کہ جرائم اور مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی کرتے ہوئے پولیس کے رسپانس میکنزم کو مزید موثر بنایا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کی کارکردگی، نگرانی کے نظام، جرائم کی روک تھام اور ادارے کی استعداد کار (باقی صفحہ 2 نمبر25)

سیرت طیبہ کو اپنی اجتماعی اور عملی زندگی کا حصہ بنانا ہے، سینئر عبدالقادر

قرآن کریم نے بھی آپ ﷺ کے عظیم کردار کو خلقِ عظیم قرار دیا ہے، چیئرمین کمیٹی

ہماری قومی ذمہ داری ہے کہ میلاد النبی ﷺ کی روح کو اپنے معاشرتی کردار میں منتقل کرے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار اور سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ ملک بھر میں محافل میلاد، جلوس، درود و سلام اور دیگر مذہبی تقریبات کا انعقاد مسلمانوں کی اپنے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے والہانہ محبت اور عقیدت کا مظہر ہے۔ تاہم اس مقدس موقع کا اصل تقاضا محض چراغاں، نعروں اور تقریبات تک محدود نہیں بلکہ سیرت طیبہ کو اپنی (باقی صفحہ 2 نمبر17)

دہشتگردوں کا نام نہ لینا خوف کے مترادف ہے، وزیر داخلہ بلوچستان

بعض رہنما دہشت گردی کے ہر واقعے کی تمام تر ذمہ داری حکومت کے کھاتے میں ڈال دیتے ہیں

ایک حقیقی لیڈر کو مشکل وقت میں میدان میں عوام کی قیادت کرنی چاہیے اور سچائی عوام تک پہنچانی چاہیے

کوئٹہ (آن لائن) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے حالیہ بیان پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کا نام لینے سے گریز کرنا خوف کے مترادف ہے، جبکہ سرانان حملے کی ذمہ داری ایک دہشت گرد تنظیم پہلے ہی قبول کر چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات کے اصل ذمہ داروں کی نشاندہی کے بجائے سارا ملبہ حکومت پر ڈالنا حقائق کو (باقی صفحہ 2 نمبر15)

ABC CERTIFIED
روزنامہ تعمیرِ وطن
TAMEER-E-WATAN

امن وامان کی صورتحال

بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے سرانان بازار میں سڑک کی تعمیر میں مصروف چار مزدوروں کے بہیمانہ قتل پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ دہشت گرد عناصر امن وامان کی صورتحال کو خراب کرنے کیلئے نہتے مزدوروں پر حملہ کر رہے ہیں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ان کا انسانیت سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ غریب مزدور دور دراز علاقوں سے اپنے بچوں اور خاندان کی کفالت کیلئے سخت موسمی حالات کے باوجود کام کرتے ہیں۔ لیکن دہشت گردان معصوم لوگوں کو قتل کر کے بلوچستان کے حالات خراب کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ صوبائی حکومت اور ریاستی ادارے ان غیر ریاستی عناصر کا قلع قمع کرنے کیلئے موثر کارروائی کر رہے ہیں۔ جلد ان عناصر کی بیخ کنی کر کے ملک اور صوبے کو امن کا گہوارہ بنایا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے واقع میں شہید مزدوروں کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے زخمی افراد کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔

بقیہ 01

ینگ ایجنسیوں کی جانب سے پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری کا اعتراف خوش آئند ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی معیشت استحکام کی جانب گامزن ہے، بین الاقوامی اداروں کی جانب سے ریٹنگ میں بہتری اس کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے معیشت کو مستحکم کرنے اور بیرونی شعبے میں بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کیے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ معاشی استحکام کے لیے حکومت کی مسلسل محنت اور اصلاحات کے نتیجے میں عالمی اداروں کا پاکستان پر اعتماد بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کو پائیدار بنیادوں پر استوار کرنے کے لیے حکومت اصلاحات کا عمل مزید تیز کرے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہماری منزل پاکستان کو ایک مضبوط، خودکفیل اور پائیدار معیشت بنانا ہے۔

اولڈ سنگلی، انٹرنیکلر فیڈر صبح دس بجے تا دوپہر دو بجے نیز اسی روز زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ، ایف سی، عسکری ون فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اسی طرح 26 اگست کو (بروز بدھ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے شہباز ٹاؤن، ملک پلانٹ، سورج گنج بازار، نواں کلی، مالک فیڈروں سے صبح 9:30 بجے سے دوپہر 1:30 بجے تک جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv خیر بخش مری، جائنٹ روڈ، اولڈ لیاقت بازار فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند ہوگی، نیز اسی روز مری آباد گرڈ اسٹیشن کے مری آباد، کاسی ون، کاسی ٹو فیڈرز سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 02

دہشت گردوں کی سفاک ذہنیت کا واضح ثبوت ہے۔ معصوم شہریوں اور محنت کش پاکستانیوں کا خون بہانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد سمجھ لیں کہ معصوم پاکستانیوں کی شہادت ہمارے عزم کو کمزور نہیں بلکہ مزید مضبوط کرتی ہے۔ بلوچستان میں امن، ترقی اور عوام کے تحفظ کے لیے ریاستی ادارے پوری قوت کے ساتھ دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائی جاری رکھیں گے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکی ہے، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ بلوچستان میں معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والوں کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ وزیر اعلیٰ نے شہید مزدوروں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں حکومت شہدا کے خانوادوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل جبکہ زخمی مزدور کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 06

دوست اور دیرینہ رفیق تھے، جن سے ان کے خاندان کے دیرینہ اور گہرے مراسم رہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ جنرل (ر) عمران اللہ خان ایک باوقار، مخلص اور قابل احترام شخصیت تھے۔ ان کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا بلاشبہ محسوس کیا جائے گا۔ مرحوم کی خدمات، شرافت اور اپنے دوستوں سے خلوص کو ہمیشہ قدر و احترام سے یاد رکھا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ جنرل (ر) عمران اللہ خان کی کامل مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اہل خانہ کو اس ناقابل تلافی نقصان پر صبر و حوصلہ عطا فرمائے۔

بقیہ 07

کے سلسلے میں ایران پہنچے ہیں۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کے حل کے لیے کوششوں کے فروغ پر توجہ مرکوز رکھیں گے۔

بقیہ 08

تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران میر لیاقت علی لہڑی نے صوبے بالخصوص کوئٹہ میں عوامی فلاح و ...

بقیہ 03

گیا۔ رہنماؤں نے موجودہ سیاسی صورتحال، ملک کو ...

بقیہ 01

اڈے بن چکی ہیں۔ آئے روز مسافروں کو لوٹنے گاڑیاں چھیننے اور مزاحمت پر فائرنگ کر کے شہریوں کو شہید کرنے کے واقعات معمول بن چکے ہیں۔ دہشت گردی کے خوف اور ڈاکو راج کے باعث صوبے کی اہم قومی شاہراہوں پر سفر کرنا عوام کے لیے کسی خطرے سے کم نہیں۔ عوام حکومتی و سیکیورٹی اداروں کی کارکردگی سے انتہائی مایوس ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی ڈکیتی اور مسلح جرائم کے مسلسل بڑھتے ہوئے واقعات کے باعث بلوچستان کی اہم قومی شاہراہوں پر سفر کرنا شہریوں کے لیے انتہائی خطرناک بن چکا ہے۔ مسافر اپنی جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے شدید اضطراب کا شکار ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ قومی شاہراہیں کسی بھی ملک کے معاشی و معاشرتی نظام میں بنیادی حیثیت رکھتی ہیں مگر بلوچستان میں ان شاہراہوں پر شہریوں کو تحفظ فراہم نہ کیا جانا حکومتی ذمہ داریوں سے سنگین غفلت کے مترادف ہے۔ حکومت فوری طور پر شاہراہوں کی سیکیورٹی موثر بنانے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرنے اور مسافروں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات کرے۔

بقیہ 02

لے مرکزی جلوسوں کے تمام روٹس پر سخت ترین سکیورٹی انتظامات کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ نے کہا کہ ربیع الاول کے بابرکت مہینے میں منعقد ہونے والی تمام محافل اور جلوسوں کو پولیس کی جانب سے مکمل سیکیورٹی فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ تمام مذہبی تقریبات کو پرامن طریقے منعقد کرانے کے لیے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ اجلاس میں شریک علمائے کرام نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کیے جانے والے انتظامات پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا اور علمائے کرام نے انتظامیہ کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ضلع میں بھائی چارے، امن اور محبت کی فضا کو برقرار رکھا جائے گا۔

بقیہ 03

بار درخواست دی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہذا انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کی بہن کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ بحال کر کے بقایاجات کی ادائیگی فوری طور پر کی جائیں۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار جاوید کی بہن الیزبیتھ کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ بحال کر کے بقایاجات کی مد میں 153400 روپے کی ادائیگی کر دی۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 04

دہشت گردوں کی سفاکیت اور بزدلی کا ثبوت ہے۔ دہشت گردی کی اس کارروائی کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور عوام کے حوصلوں کو متزلزل نہیں کر سکتے۔ محنت کش مزدور اپنے روزگار اور صوبے کی تعمیر و ترقی کے لیے کام کر رہے تھے، انہیں نشانہ بنانا انسانیت کے خلاف سنگین جرم ہے۔ معاون وزیر اعلی نے شہید مزدوروں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی شہدا کے درجات بلند فرمائے اور سوگوار خاندانوں کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے زخمی مزدوروں کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعا کی۔ شاہد رند نے کہا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں مزید موثر بنائی جائیں گی۔ ریاستی ادارے عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پوری طرح متحرک ہیں اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے دہشت گردی کے خلاف بے شمار قربانیاں دی ہیں اور صوبے میں امن و ترقی کے سفر کو کسی صورت متاثر نہیں ہونے دیا جائے گا۔

بقیہ 05

تاریخ اور واقعات کو مسخ کر کے نوجوانوں میں منفی اور اشتعال انگیز بیانیہ فروغ دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ متعلقہ حلقوں کے مطابق اس پروپیگنڈا لٹریچر میں بلوچستان کی تاریخ اور اصل حقائق کو مخصوص انداز میں پیش کرتے ہوئے نوجوانوں کو ریاستی اداروں سے بدظن کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ دعویٰ کیا گیا ہے کہ اس مہم کے پس پردہ بیرونی عناصر کی حمایت اور ریاست مخالف مفادات کارفرما ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ماضی میں کالعدم بی ایل اے سے وابستہ رہنے والے بعض افراد بعد ازاں عسکریت پسند تنظیموں میں اہم کردار ادا کرتے رہے، جن میں بشیر زیب اور اللہ نذر کے نام بھی شامل کیے جاتے ہیں۔ متعلقہ حلقوں کا مزید کہنا ہے کہ بلوچ یکجہتی کمیٹی (BYC) سے منسوب بعض بیانیوں اور سرگرمیوں کو بھی بلوچستان کے باشعور عوام کی جانب سے مسترد کیے جانے کا دعویٰ کیا جا رہا ہے۔ ماہرین کے مطابق قوم پرستی کے نام پر نوجوانوں کو ریاست سے بدظن کرنے اور گمراہ کن بیانیے کے ذریعے تشدد کی طرف دھکیلنے کی کوششیں ماضی میں بھی سامنے آتی رہی ہیں۔ ان کے مطابق نوجوانوں کو تاریخ اور سیاسی معاملات سے متعلق معلومات فراہم کرتے وقت مستند ذرائع، آزاد تحقیق اور مختلف نقطہ ؟ نظر تک رسائی ضروری ہے۔ متعلقہ حلقوں نے زور دیا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو مسخ شدہ حقائق اور من گھڑت تاریخی مواد کے ذریعے گمراہ کرنے کی کوششوں کا مقابلہ تعلیم، آگاہی، مستند معلومات اور پرامن سیاسی و سماجی مکالمے کے ذریعے کیا جانا چاہیے۔

بقیہ 06

راستے میں واقع متعدد دیہات اور گاؤں کو پانی کی فراہمی کے نئے منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ منصوبے کے تحت شنگئی، کنڈا سول، بچکولی سمیت دیگر دور دراز دیہی علاقوں کو شادی کور ٹرانسمیشن لائن سے پانی کی فراہمی شروع کر دی گئی ہے۔ جس سے ان علاقوں کے مکینوں کو پینے کے پانی کی فراہمی کا دیرینہ مسئلہ ہمیشہ کیلئے حل ہو گیا ہے۔ افتتاح کے موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے انجینئر حاجی سید محمد، پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میرجان بلوچ، اسسٹنٹ انجینئر کبیر کلمتی، انجینئر کامران اور ڈی اے ٹو ایم پی اے وسیم صمد سمیت علاقے کے عمائدین اور مختلف دیہاتوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی بڑی تعداد موجود تھے۔ اس موقع پر پی ڈی واٹر میرجان بلوچ نے بتایا کہ گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے ان علاقوں کو پانی کی فراہمی کے لیے پائپ لائن بچھانے کا کام پہلے ہی مکمل کیا جا چکا ہے، جس کے بعد متعدد نئے دیہاتوں کو شادی کور مین ٹرانسمیشن لائن سے باقاعدہ منسلک کر کے پانی کی فراہمی شروع کر دی گئی ہے۔ اس اقدام سے ان علاقوں میں پینے کے پانی کی دستیابی کے حوالے سے طویل عرصے سے درپیش مشکلات کے خاتمے میں مدد ملے گی۔ کپر، بلیت اور ملحقہ علاقوں کے درجنوں دیہات پہلے ہی شادی کور ٹرانسمیشن لائن سے منسلک ہیں اور وہاں پانی کی فراہمی جاری ہے، جبکہ نئے دیہات گاؤں کو بھی مرحلہ وار اسی نظام سے جوڑ کر پانی کی فراہمی کا دائرہ وسیع کیا جا رہا ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے نہ صرف دور دراز علاقوں کے رہائشیوں کو پینے کے پانی کی سہولت میسر آئے گی بلکہ مقامی آبادی کو پانی کے حصول کے لیے طویل فاصلے طے کرنے اور متبادل ذرائع پر انحصار سے بھی نجات ملے گی۔ یہ اقدام گوادر کے دیہی علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوام کو درپیش پانی کے دیرینہ مسئلے کے حل کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ بعد ازاں چیف انجینئر حاجی سید محمد اور پی ڈی واٹر میرجان بلوچ نے چوڑ پمپنگ اسٹیشن کا بھی دورہ کیا جہاں گوادر کو سپلائی ہونے والی پانی اور اسکی صورت حال کا جائزہ لیا

بقیہ 07

ریاست و حکومت اور سیکورٹی اداروں و ایجنسیوں کو اس خونی واقعہ کا ذمہ دار قرار دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان اور پشتونخوا میں دہشتگردی، قتل و غارتگری، تخریب کاری، اغوا گردی اور لاقانونیت کے جاری واقعات ریاستی سرپرستی اور استعماری پالیسی کے تحت رونما ہو رہے ہیں اور اس پشتون، بلوچ دشمن ریاستی پالیسی کے ذریعے ان اقوام کی سیاست، معیشت، تجارت و کاروبار اور زندگی پر حملے جاری ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ریاست پر مسلط استعماری قوتوں نے بلوچستان اور پشتونخوا کو پراکسی اور ڈالری جنگ کا میدان بنا کر بیگناہ انسانوں کا خون ناحق بہانے کی فاشسٹ پالیسی اپنائی ہے جس کے ذریعے خطے میں سامراجی قوتوں کی مفادات کی تکمیل اور ملک میں پشتون، بلوچ اقوام کو دہشت زدہ و خوفزدہ کر کے قومی حقوق و اختیارات کے جمہوری مطالبات سے دستبردار کرنا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ باشعور عوام کو جاری دہشتگردی کے اصل ذمہ داران اور اس کے پس پردہ فاشسٹ پالیسی اور عزائم کا بخوبی ادراک حاصل ہے۔ ریاستی و حکومتی موقف حقائق کی منافی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتون، بلوچ اقوام سے متعلق موجودہ ریاستی پالیسی میں دہشتگردی کا خاتمہ اور امن کا قیام ناممکن ہے۔ پشتون، بلوچ اقوام و عوام کی قومی جمہوری تحریکیں اور دیگر جمہوری سیاسی پارٹیوں کی سیاست کا اولین فریضہ ہے کہ وہ مشترکہ قومی جمہوری مزاحمت اور فیصلہ کن جمہوری تحریک کے ذریعے ریاست اور اس پر قابض قوتوں کو ریاستی پالیسی تبدیل کرنے اور پراکسی جنگ و دہشتگردی کے خاتمے پر مجبور کرے۔ بیان میں بیگناہ مزدوروں کی شہادت پر سخت تشویش اور لواحقین کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کیا گیا ہے۔

بقیہ 08

فیز ٹو کے تحت 70 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے 115 ترقیاتی منصوبوں میں سے 96 مکمل کر لیے گئے ہیں، جبکہ باقی 19 منصوبے تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔ ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے ضلع موسیٰ خیل میں تعلیم، صحت، صاف پانی، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو بہتر بنایا گیا ہے، جس سے مقامی آبادی کو براہ راست فائدہ پہنچ رہا ہے۔ حکام کے مطابق منصوبوں کی بروقت تکمیل اور نگرانی میں ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن کمیٹی نے اہم کردار ادا کیا۔ کمیٹی میں ایف سی بلوچستان، سول انتظامیہ اور منتخب نمائندے شامل تھے، جن کی باہمی معاونت سے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کی نگرانی کی گئی۔ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت صوبے کے مختلف اضلاع میں مقامی آبادی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بنیادی ڈھانچے اور عوامی سہولیات کے منصوبے جاری ہیں۔ متعلقہ حکام کے مطابق پروگرام کا مقصد بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی سرگرمیوں کو وسعت دینا، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا اور پائیدار و یکساں ترقی کی راہ ہموار کرنا ہے۔ حکام نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کو صوبے کی خوشحالی، عوامی فلاح اور پائیدار ترقی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ منصوبوں کی تکمیل سے مقامی آبادی کے معیار زندگی میں بہتری آئے گی

بقیہ 09

اور میلاد النبی ﷺ کے نمائندوں کو ہدایت کی گئی کہ پروگرامز اور مجالس کو مقررہ اوقات میں بروقت مکمل کیا جائے تاکہ سکیورٹی اور ٹریفک کے انتظامات میں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔ اجلاس میں پولیس افسران، میلاد النبی ﷺ کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اور 12 ربیع الاول کے موقع پر امن و امان اور سکیورٹی کے موثر انتظامات کو یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 10

نالیوں کا گندہ پانی سڑکوں پر جمع اور مختلف مقامات اور گلیاں گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکے ہیں نالیوں کا گندہ پانی اور تعفن سے شہریوں کو آمد و رفت میں شدید تکالیف کا سامنا جبکہ کئی گھروں میں نالیوں کا پانی اندر داخل ہو چکا ہے اوستہ محمد کے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں نے شہر میں پانچ روز سے صفائی نہ ہونے پر شدید غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی عدم توجہ کے باعث پورا شہر گندگی کے ڈھیر کا منظر پیش کر رہے ہیں شہریوں کو آمد و رفت اور بچوں کو سکول جانے میں مشکلات درپیش ہیں جبکہ 12 ربیع اول میں دو دن ہیں لیکن حکومت نے تاحال بلدیاتی اداروں کو فنڈ بھی جاری نہیں کیا سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ عوام پر رحم کر کے بلدیاتی اداروں کو فوری فنڈز جاری کریں اور شہر میں ہنگامی بنیادوں پر صفائی کا نظام بحال کرنے کے لیے اقدام اٹھائیں۔

بقیہ 11

پوسٹوں کو ختم کیا مگر ریل کی ریٹائرڈ قیادت نے مجرمانہ خاموشی اختیار کیے رکھا جس سے انتظامیہ کے حوصلے بلند ہوئے اور اب مزید ہزار پوسٹوں کو ریشنلائزیشن کے نام پر ختم کیے جانے کا پلان تیار ہے جسے نوجوان قیادت مسترد کرتے ہوئے بھرپور مزاحمت کرے گی کیونکہ اب یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو چکا ہے کہ ریٹائرڈ قیادت ریل اور ریل کے مزدوروں کیلئے نہیں بلکہ اپنے اور اپنے چند حواریوں کے مفادات کیلئے انتظامی بی ٹیم کا کردار ادا کر رہے۔ انشاءاللہ ملک گیر ٹرین مارچ انکی مفاد پرستانہ و مفاہمت پسندانہ سیاست کے تابوت پہ آخری کیل ثابت ہو گا۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ TLA کے مزدور اور ایج ہو چکے اپنی جوانیاں ریل کی خدمت کرنے کے باوجود انہی ریٹائرڈ قیادت کی نااہلیوں کی وجہ سے کنفرم نہیں ہو سکے اسی طرح گینگ مین اپ گریڈیشن سے محروم ٹیکنیکل و آپریشنل الاؤنس کی راہ تک رہے ہے ریٹائرڈ قیادت گینگ مینوں کے نام پہ چالیس سالوں سے سیاست کرتی چلی آ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت سندھ کے متعدد ٹرینیں بند ہیں مگر تخت لاہور ستو پی کر سو رہے۔ کامریڈ میر محمد مینگل نے میڈیا کو بتایا کہ کمرشل اسٹاف ریل کیلئے ریڑھ کے ہڈی کی مانند ہے مگر وہ اپ گریڈ بھی ہو رہے ہے اسی طرح STEs اور گارڈز کو ڈرائیوروں کے برابر ماہانہ الاؤنس بھی نہیں دیا جا رہا۔ ان تمام و دیگر مسائل پر ستمبر کو پیپلز ریلوے ورکرز پاکستان نوجوان قیادت کیساتھ مل کر ملک گیر ٹرین مارچ کرے گی

بقیہ 12

احکامات اور اسسٹنٹ کمشنر اسد سمالانی کے زیر نگرانی تحصیلدار نیچرل اسٹورز قصابوں، پھل و سبزی فروشوں، دودھ فروشوں اور نانبائیوں کی دکانوں کا معائنہ کیا گیا اشیا خورد و نوش کی قیمتوں، معیار اور صفائی کی صورتحال کا بغور جائزہ لیا گیا پرائس کنٹرول کمیٹی نے دکانداران پر واضح کیا کہ گرانفروشی اور سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کسی صورت قبول نہیں کی جائیگی۔

بقیہ 13

ان خانوزئی کے قبرستان میں ادا کی جائیگی۔ جبکہ فاتحہ خوانی کلی زرغون میں دو روز کے لئے 26 اور 27 اگست کو منعقد کی جائیگی۔

بقیہ 14

کے ڈسٹرکٹ پروگرام منیجر عصمت جلالزئی، محکمہ لائیو اسٹاک کے ڈاکٹرز و دیگر ملازمین، مالداروں اور بڑے و چھوٹے گوشت کے قصابوں نے شرکت کی۔ سیمینار کے دوران شرکا کو کانگو وائرس سے بچاؤ کے لیے عملی طور پر حفاظتی اقدامات کا مظاہرہ بھی کرایا گیا۔ ماہرین نے کٹ، دستانے، لانگ بوٹس، ماسک اور دیگر حفاظتی سامان کے درست استعمال کے حوالے سے عملی ڈیمو کر کے دکھایا اور قصابوں و مالداروں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک محمد رحیم نیازی نے کانگو وائرس کے پھیلاؤ، اس کی وجوہات اور انسانی صحت پر اس کے خطرناک اثرات کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ انہوں نے بتایا کہ کانگو وائرس ایک خطرناک اور جان لیوا بیماری ہے جو عموماً متاثرہ چیچڑ کے کاٹنے یا متاثرہ جانور کے خون اور جسمانی رطوبتوں سے انسانوں میں منتقل ہو سکتی ہے۔ اسی طرح متاثرہ مریض کے خون یا جسمانی رطوبت کا کسی صحت مند شخص کے زخم یا کٹی ہوئی جلد سے رابطہ بھی بیماری کی منتقلی کا سبب بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگو وائرس سے بچاؤ کے لیے جانوروں کی دیکھ بھال، ذبح اور گوشت کی تیاری کے دوران خصوصی احتیاط ضروری ہے۔ قصاب حضرات دستانے، ماسک، لانگ بوٹس اور دیگر حفاظتی سامان کا لازمی استعمال کریں اور جانوروں میں چیچڑ کے خاتمے کے لیے محکمہ لائیو اسٹاک کی ہدایات پر عمل کریں۔ محمد رحیم نیازی نے مزید کہا کہ اگر کسی شخص میں تیز بخار، شدید کمزوری، جسم میں درد، خون بہنے یا دیگر تشویشناک علامات ظاہر ہوں تو اسے فوری طور پر طبی مرکز منتقل کیا جائے اور مستند ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بروقت تشخیص اور علاج سے قیمتی انسانی جانوں کو محفوظ بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے سیمینار کا بنیادی مقصد قصابوں، مالداروں اور متعلقہ افراد میں کانگو وائرس کے بارے میں شعور اجاگر کرنا اور انہیں عملی حفاظتی تدابیر سے آگاہ کرنا ہے۔ احتیاط ہی اس خطرناک بیماری سے بچاؤ کا موثر ذریعہ ہے، اس لیے ہر شخص کو اپنی اور اپنے خاندان کی حفاظت کے لیے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہئیں

بقیہ 15

چلانے کے باعث قریبی آبادی کے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بالخصوص رات کے اوقات میں بلند آواز سے بچوں، بزرگوں، مریضوں اور دیگر شہریوں کی نیند اور سکون متاثر ہو رہا ہے۔ شادی کی خوشی منانا ہر خاندان کا حق ہے، تاہم خوشی کے اظہار کے لیے اردگرد کے رہائشیوں کے آرام اور سکون کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے۔ اگر کسی کو گانے سننے کا شوق ہے تو آواز اپنے گھر یا تقریب کی حدود تک محدود رکھی جائے، تاکہ پورے محلے کے لوگوں کی نیند خراب نہ ہو۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شادی بیاہ کی تقریبات میں بلند آواز سے اسپیکر اور ساؤنڈ سسٹم کے استعمال کا نوٹس لیا جائے اور منتظمین کو پابند کیا جائے کہ آواز مناسب سطح پر رکھیں اور رات گئے تک آس پاس کے رہائشیوں کے لیے تکلیف کا باعث نہ بنیں۔ شادی کی خوشی اپنی جگہ، مگر دوسروں کے آرام، سکون اور بنیادی شہری حقوق کا خیال رکھنا بھی معاشرتی ذمہ داری ہے

بقیہ 16

اور ہیلپرز پبلک اسکول اینڈ کالج گرلز کیمپس کے زیر اہتمام منعقدہ سیرت النبی ﷺ کانفرنس کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کیا اس موقع پر فیاض حسن سجاد ویلفیئر فاؤنڈیشن کے پروفیسر شاہ محمد شامی، بلوچستان ریفارمز کے پروفیسر اکبر سوبی، ہیلپرز پبلک اسکول اینڈ کالج گرلز کیمپس کی پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر آمنہ سومرو سمیت دیگر بھی موجود تھے مولانا مفتی محمد احمد خان نے کہا کہ آپ ﷺ کی آمد سے جہالت ظلم نا انصافی کفر و شرک اور بت پرستی کا خاتمہ ہوا آپ ﷺ کی تعلیمات امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ ہیں آپ ﷺ کی ذات سراپا رحمت و عظمت ہے آپ ﷺ کی آمد سے کفر و شرک کا اندھیرا چھٹ گیا محمدی انقلاب سے صالح معاشرہ وجود میں آیا محمد عربی ﷺ سے عقیدت و محبت ایمان کی اساس ہے اور آپ ﷺ کی بعثت نبوت سے کفر و شرک کا خاتمہ ہو گیا اور ایمان کی کرنوں سے ایک نیا جہاں منور ہوا قتل و غارت گری عورتوں اور کمزور طبقات پر مظالم کا خاتمہ ہوا آپ ﷺ کی ذات تمام جہانوں کیلئے رحمت ہے آپ ﷺ نے دنیا کو مذہبی اور معاشرتی دستور دیا تاکہ وہ اپنی زندگی اسلامی اصولوں کے مطابق گزار سکیں مقررین نے کہا کہ آپ ﷺ کی شریعت آخری شریعت، آپ کی نبوت آخری نبوت ہے اور آپ ﷺ پر نازل ہونے والی کتاب قرآن مجید آخری کتاب ہے۔

بقیہ 17

انہوں نے اپنے دفتر پہنچ کر انتظامی امور کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران و عملے سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عوام کو درپیش مسائل کے حل، سرکاری امور کی بروقت انجام دہی اور انتظامی معاملات میں بہتری کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔

بقیہ 18

نہوں نے کہا کہ جھالاوان کے نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے اب اپنے گھروں سے دور جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ بحیثیت وزیر اعلی بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری نے ایک دہائی قبل جھالاوان کے نوجوانوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے اور ان کے ہاتھ میں قلم دینے کے لیے جو پودا لگایا تھا، آج وہ تناور درخت بن چکا ہے انہوں نے کہا کہ شہید نوابزادہ سکندر زہری یونیورسٹی خضدار کو فعال بنانے میں وزیر اعلی بلوچستان، صوبائی وزیر تعلیم اور صوبائی کابینہ نے بھرپور تعاون کیا، جس پر جھالاوان کے عوام ان کے مشکور ہیں۔ سہراب بزنجو کی بطور وائس چانسلر تعیناتی ایک خوش آئند اقدام ہے، جس سے علاقے میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ کا عمل مزید تیز ہو گا صوبائی مشیر امیر حمزہ زہری نے کہا کہ ڈاکٹر سہراب بزنجو کی بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار میں بطور وائس چانسلر تین سالہ کارکردگی سب کے سامنے ہے، امید ہے کہ وہ شہید نوابزادہ سکندر یونیورسٹی خضدار کی ذمہ داریاں بھی احسن انداز میں نبھائیں گے۔

بقیہ 19

نے انسداد سمگلنگ کارروائیوں کے دوران 6 گاڑیاں قبضے میں لے لیا جن میں لوڈ گاڑیوں کیلئے غیر ملکی ٹائر، سلائی مشین، قالین اور دیگر سامان لوڈ تھا جس کی مالیت 30.5 ملین روپے بتائی جاتی ہے۔ قبضے میں لئے جانے والے سامان کو کسٹم کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ 20

کے باوجود کام کرتے ہیں۔ لیکن دہشت گرد ان معصوم لوگوں کو قتل کر کے بلوچستان کے حالات خراب کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ صوبائی حکومت اور ریاستی ادارے ان غیر ریاستی عناصر کا قلع قمع کرنے کیلئے موثر کارروائی کر رہے ہیں۔ جلد ان عناصر کی بیخ کنی کر کے ملک اور صوبے کو امن کا گہوارہ بنایا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے واقع میں شہید مزدوروں کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے زخمی افراد کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔

بقیہ 21

میں ملوث تین ملزمان گرفتار کر لیے گئے ہیں ڈی ایس پی ڈھاڈر شیر احمد محمد شئی ایس ایچ او ارشاد کلہوڑا نے صحافیوں کو تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ڈی آئی جی سبی پرویز عمرانی ایس پی کچھی کی ہدایات کی روشنی میں جرائم پیشہ افراد کی سخت نگرانی کے نتیجے میں ہندو تاجروں گربخش لال راج کمار المعروف جنات کے گھر میں ڈکیتی میں ملوث تین ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے جن سے لوٹی گئی رقم اور اشیا برآمد کر کے مقدمے میں شامل کیا گیا ہے گرفتار افراد سے مزید انکشافات کی توقع ہے جس سے ڈھاڈر شہر اور گرد و نواح میں چوری و ڈکیتوں کے حوالے سے بنیادی و اہم معلومات ملیں گی عوامی حلقوں اور ہندو تاجر برادری نے پولیس کی کارروائی کا خیر مقدم کرتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا ہے

بقیہ 22

کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا قتل کی وجہ معلوم نہ ہو سکی مزید کارروائی کو ہلو انتظامیہ کر رہی ہے۔

بقیہ 23

رکھا درپیش کی اور علاقے کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، صحت، تعلیم اور مواصلات کے شعبوں میں بہتری کی اشد ضرورت ہے۔ عمائدین نے یقین دہانی کرائی کہ وہ انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کے لیے تیار ہیں۔ کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی نے تمام مسائل کو غور سے سنا اور کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں حکومت کی پالیسی عوامی خدمت ہے اور اس میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ہماری کوشش ہے کہ دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے عوام کے تمام بنیادی مسائل حل کیے جائیں اور انہیں سہولیات ان کے دہلیز پر پہنچایا جائے۔ کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی نے کہا کہ بی ایس ڈی آئی کے تحت عوام کے بنیادی اور پیچیدہ مسائل حل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے صحت تعلیم اور پینے کے صاف پانی کے حوالے سے متعدد منصوبے بی ایس ڈی آئی پراجیکٹ کے تحت عوام کو فراہم کیا جا رہا ہے۔ ملاقات میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے اور عوامی مسائل حل کرنے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 24

زیر التوا امور اور متعلقہ محکموں کے نام انتقالات کی منتقلی کی موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اراضی حصول سے متعلق امور کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور زیر التوا انتقالات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹاتے ہوئے متعلقہ حصول کنندہ محکموں کے نام منتقل کرنے کے عمل کو تیز کیا جائے۔

بقیہ 25

کے مکینوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی عدم دستیابی کے باعث پانی کی فراہمی بند ہونے سے روزمرہ زندگی شدید متاثر ہو رہی ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ کیسکو اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے درمیان مسئلے کو فوری طور پر حل کر کے بجلی بحال کی جائے اور پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ شہریوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر بجلی بحال کر کے پانی کی فراہمی شروع نہ کی گئی تو وہ اپنے بنیادی حق کے حصول کے لیے احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوں گے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے اور قلت آب کا مسئلہ حل کرنے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 26

میڈیکل آفیسرز اور دیگر طبی عملے کی حاضری، فیلڈ وزٹس کی رپورٹس، محکمانہ نظم و ضبط اور تادیبی کارروائیوں سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ اجلاس کے دوران ڈی ایچ کیو ہسپتال، رورل ہیلتھ سینٹرز، بنیادی مراکز صحت، سول ڈسپنسریز اور زچہ و بچہ مراکز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ مختلف عمودی صحت پروگرامز، بالخصوص ملیریا کنٹرول، ٹی بی، ای پی آئی، غذائیت اور دیگر صحت عامہ کے پروگرامز کی پیش رفت اور کارکردگی پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام صحت مراکز میں عملے کی بروقت حاضری، ادویات و طبی سہولیات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور عوام کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے فیلڈ وزٹس کو مزید موثر بنانے اور غیر حاضر یا غفلت کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری طبی مراکز کی کارکردگی میں بہتری کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔ اجلاس کے اختتام پر متعلقہ افسران کو گزشتہ اجلاس کے فیصلوں پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے اور آئندہ اجلاس میں پیش رفت رپورٹ پیش کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔

بقیہ 27

کے لائحہ عمل پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں بالخصوص بلوچستان انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) فیز ٹو اور فیز 3 کے تحت جاری اور مکمل ہونے والے منصوبوں پر متعلقہ افسران کی جانب سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ افسران نے اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی، منصوبوں کی پیش رفت اور درپیش مسائل سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے معیار کو بھی ہر صورت یقینی بنایا جائے اور منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہ کی جائے۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اجتماعی نوعیت کے ترقیاتی منصوبوں کو ترجیح دے رہی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری ان سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں درپیش رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا جائے، محکموں کے درمیان باہمی رابطے اور تعاون کو مزید موثر بنایا جائے اور منصوبوں کو شفافیت، معیار اور مقررہ مدت کے مطابق مکمل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ آئندہ اجلاس میں ایسے منصوبوں کی بھی نشاندہی کی جائے جن کی تکمیل سے عوام کو فوری اور زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر مختلف ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کرنے، نگرانی کے نظام کو مزید موثر بنانے اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 28

میجر کامران، ایس ڈی پی او غلام اکبر، تحصیلدار بوری ثناء اللہ لونی، مختلف سرکاری محکموں کے افسران و نمائندگان، انجمن تاجران کے عہدیداران، قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اس موقع پر قبائلی عمائدین، تاجروں اور شہریوں نے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں، جنہیں متعلقہ محکموں کے افسران نے تفصیلی طور پر نوٹ کیا۔ شرکاء نے بالخصوص بجلی، پینے کے پانی، سڑکوں کی خستہ حالی، امن و امان، صفائی ستھرائی، نکاسی ؟آب، بنیادی شہری سہولیات اور BSDI کے تحت جاری ترقیاتی اسکیموں سمیت دیگر عوامی مسائل کی نشاندہی کی شہریوں نے اسسٹنٹ کمشنر کو اپنے علاقوں میں درپیش مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ بنیادی سہولیات کی فراہمی اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر بعض مسائل کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری ہدایات بھی جاری کی گئیں اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ کھلی کچہری میں پیش کیے گئے عوامی مسائل اور شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور جن معاملات کا تعلق دوسرے محکموں سے ہے، ان پر متعلقہ حکام سے موثر رابطہ کر کے پیش رفت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے فوری ازالے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ کھلی کچہریوں کا مقصد انتظامیہ اور عوام کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنانا اور شہریوں کو اپنی شکایات براہ راست متعلقہ حکام تک پہنچانے کا موثر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے اسسٹنٹ کمشنر نے شہریوں پر بھی زور دیا کہ وہ اپنے مسائل اور شکایات کے حل کے لیے انتظامیہ سے براہ راست رابطہ رکھیں اور علاقے میں امن و امان، صفائی ستھرائی اور سرکاری ترقیاتی منصوبوں کی بہتری کے لیے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں کھلی کچہری کے اختتام پر اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم نے یقین دہانی کرائی کہ شہریوں کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل پر پیش رفت کا جائزہ لیا جائے گا اور متعلقہ محکموں سے رپورٹ طلب کر کے عوامی شکایات کے ازالے کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 29

سے اہم ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں ضلع قلعہ سیف اللہ میں BEF اسکولوں کی کارکردگی، تعلیمی معیار، طلبہ کی حاضری اور اسکولوں کو درپیش مسائل سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اسکولوں میں تعلیمی سہولیات کی بہتری، طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور اداروں کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 30

ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنا رہی ہیں، جو دہشت گردوں کی بزدلی اور سفاکیت کا واضح ثبوت ہے۔ نہتے مزدوروں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ واقعے کے بعد صوبائی حکومت نے تمام متعلقہ سکیورٹی اداروں اور فورسز کو الرٹ کر دیا ہے، جبکہ سکیورٹی فورسز دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کر رہی ہیں اور ملوث عناصر کا تعاقب جاری ہے۔ معاون برائے داخلہ نے کہا کہ واقعے میں ملوث دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاست اپنے شہریوں کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھائے گی۔ بابر یوسفزئی نے شہید مزدوروں کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت غم کی اس گھڑی میں شہید مزدوروں کے خاندانوں کے ساتھ برابر کی شریک ہے اور اللہ تعالی سے دعا ہے کہ شہدا کو بلند درجات اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 31

ہوئے نیشنل ہائی وے ڈی جی خان روڈ سمیت لورالائی شہر کے مختلف مضافاتی علاقوں میں قائم اشیا خورد و نوش کے مراکز کا معائنہ کیا۔ بی ایف اے حکام کے مطابق کارروائی کے دوران 4 ریسٹورنٹس مالکان کو جرمانے عائد کیے گئے جبکہ معمولی نوعیت کے نقائص پر 2 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ حکام کے مطابق جرمانہ کیے گئے ریسٹورنٹس میں صفائی ستھرائی کی ابتر صورتحال، ورکرز کی ذاتی صفائی کا ناقص انتظام، کھلے کوڑے دان، ٹوٹے ہوئے کپ، حشرات کی موجودگی، گندے پانی کے ٹینک، خراب دہی اور خراب ٹماٹروں کی موجودگی سمیت دیگر حفظان صحت کی خلاف ورزیاں پائی گئیں۔ بی ایف اے حکام نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے خوراک کے مراکز کی باقاعدگی سے نگرانی اور قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ تاجروں اور فوڈ بزنس آپریٹرز کو صفائی کے معیار اور فوڈ سیفٹی قوانین پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت بھی کی گئی۔

بقیہ 32

(ریشنلائز) کر دی گئی ہے دوسری جانب پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد میں ہی منسوخ کر دیا گیا، جس کے باعث مسافروں کو شدید مشکلات اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑا مسافروں نے ٹرین سروس کی بار بار معطلی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آئے روز ٹرینیں منسوخ کیے جانے سے ان کے سفری منصوبے متاثر ہوتے ہیں اور انہیں مالی و ذہنی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے ریلوے حکام سے مطالبہ کیا کہ ٹرین سروس کو بلاتعطل بحال رکھنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ ٹرین آئے روز جیکب آباد میں منسوخ نہ کرنی پڑے اور مسافروں کو اپنی منزل مقصود تک پہنچنے کے لئے ذہنی کوفت، اذیت کے علاوہ اضافی اخراجات برداشت نہ کرنے پڑیں۔

بقیہ 33

تاجروں، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور شہریوں نے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں، جنہیں متعلقہ حکام کی جانب سے نوٹ کیا گیا۔ شرکا نے بے روزگاری، شہر میں امن و امان کی صورتحال، نادرا سے متعلق مسائل، بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سمیت دیگر اہم عوامی مسائل کی نشاندہی کی۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے متعلقہ محکموں کے افسران کو عوامی شکایات کے فوری اور موثر ازالے کے لیے ضروری احکامات جاری کرتے ہوئے ہدایت کی کہ شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور عوامی شکایات پر عملی پیش رفت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کا بروقت حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنانا، شہریوں کے مسائل براہ راست سننا اور ان کے حل کے لیے موثر اقدامات اٹھانا ہے۔

بقیہ 34

گان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ تحریری شکایات میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً مہیا کریں۔ 1۔ نام بمعہ ولدیت 2۔ کاپی قومی شناختی کارڈ 3۔ مکمل پتہ/ ایڈریس 4۔ نشان انگوٹھا/ دستخط 5۔ رابطہ نمبر موبائل/ گھر/ ای میل ۔ واضح کیا جاتا ہے کہ چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق اب نیب گم نام/ فرضی شکایات پر کارروائی نہیں کرے گا۔ صرف ایسی مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں ان پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ ایسی شکایات پر کارروائی سے قبل شکایات کنندگان سے بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر لیا جائے گا۔ ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نیب میں شکایات مندرجہ ذیل طریقہ سے جمع کروائی جا سکتی ہیں۔ 1۔ بذریعہ ڈاک/ بذات خود اندر نیب دفتر واقع شاہراہ گلستان روڈ کوئٹہ کینٹ 2۔ بذریعہ ای میل balochistan@nab.gov.pk 3۔ بذریعہ ڈاک / بذات خود اندر نیب کے دفتر شکایات واقع DC آفس اسکیپ روڈ کوئٹہ 4۔ بذریعہ کھلی کچہری ڈائریکٹر جنرل سے بالمشافہ ملاقات کے ذریعہ (ہر ماہ کی آخری جمعرات) مزید معلومات کیلئے علاقائی دفتر شکایات نیب بلوچستان کے فون نمبرز: 9203614 -081 -081-9203468 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 35

ٹہ چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے وفد سے ریٹیلرز اسکیم سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انجمن تاجران کے صدر رحیم کاکڑ، کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری کے سابق سینئر نائب صدر عبدالخالق آغا، پاک ایران چیمبر کے نائب صدر ڈاکٹر فرحت حسین سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ چیف کمشنر عبدالمالک درانی نے کہا کہ ایف بی آر قانونی طریقے سے کاروبار کرنے والے تاجروں کے مسائل کے حل اور انہیں ہر ممکن سہولت کی فراہمی کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔ ریٹیلر اسکیم کا مقصد بھی تاجروں کے لیے ٹیکس نظام کو آسان اور قابل عمل بنانا ہے تاکہ کاروباری طبقہ بغیر کسی غیر ضروری مشکلات کے اپنے معاملات کو قانونی دائرہ کار میں جاری رکھ سکے۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر اور تاجر برادری کے درمیان باہمی رابطے اور مشاورت سے نہ صرف کاروباری مسائل کو بہتر انداز میں حل کیا جا سکتا ہے بلکہ ٹیکس نظام میں بھی بہتری لائی جا سکتی ہے۔

بقیہ 36

مقامات پر کشیدہ حالات کی وجہ سے آئے روز مسافر کوچز اور دیگر گاڑیوں پر فائرنگ کے واقعات رونما ہو رہے ہیں گزشتہ روز بھی کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر کھڈ کوچہ اور چار سر کے مقامات پر مسافر کوچز پر فائرنگ ہوئی جس سے گاڑیوں کے شیشے ٹوٹ گئے تاہم مسافر اور کوچز کا عملہ معجزانہ طور پر محفوظ رہا بتایا جاتا ہے کہ فائرنگ کی اطلاع کے بعد کوئٹہ کراچی شاہراہ پر جانے والی متعدد کوچز واپس کوئٹہ پہنچ گئیں۔

بقیہ 37

نری اسکول گولہ واہ، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول ہنگو بٹھام، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول خیر واہ اور گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول جمعہ خان گولہ کا تفصیلی اور اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران طلبا اور اساتذہ کی حاضری چیک کی گئی جبکہ کلاس رومز میں جاری تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے طلبا سے نصاب کے مطابق مختلف سوالات بھی پوچھے گئے اور ان کی تعلیمی استعداد کو جانچا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے اساتذہ کو ہدایت کی کہ علاقے کے زیادہ سے زیادہ بچوں کو اسکولوں میں داخل کرایا جائے تاکہ کوئی بھی بچہ تعلیم سے محروم اور اسکول سے باہر نہ رہے۔ انہوں نے طلبا کو آگاہ کیا کہ رواں سال امتحانات جلد منعقد کیے جائیں گے، لہٰذا وہ اپنی پڑھائی پر بھرپور توجہ دیں اور امتحانات کی تیاری میں کسی قسم کی کوتاہی نہ کریں۔ اساتذہ اور طلبا پر زور دیا گیا کہ وہ محنت، دیانت داری اور ذمہ داری کے ساتھ اپنی تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھیں

بقیہ 38

مبینہ بدانتظامی، غیر حاضری، اختیارات کے ناجائز استعمال اور مالی بے ضابطگیوں کے الزامات شامل ہیں۔ فوری نوٹس لے کر چمن عوام کے شکایات کا ازالہ کیا جائے تعلیمی ادارے قوموں کی امانت ہوتے ہیں، اور اگر کسی ادارے میں شفافیت پر سوالات اٹھ رہے ہوں تو ان کا غیر جانبدارانہ اور فوری نوٹس لینا حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اگر ان شکایات میں صداقت موجود ہے تو یہ نہ صرف تعلیمی نظام بلکہ طلبہ کے مستقبل کے ساتھ بھی زیادتی ہے۔ ہم وزیر اعلی بلوچستان، نیب، اینٹی کرپشن، محکمہ تعلیم اور دیگر متعلقہ اداروں کی توجہ ایک بار پھر دلانا چاہتے ہیں کہ ڈگری کالج چمن کے معاملات کی آزادانہ اور شفاف تحقیقات کی جائیں۔ مبینہ بے ضابطگیوں کی مکمل جانچ کر کے حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں۔ اگر کوئی فرد قانون شکنی یا کرپشن میں ملوث پایا جائے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے۔ تعلیمی اداروں کو ذاتی مفادات سے پاک کر کے طلبہ کے مستقبل کو محفوظ بنایا جائے۔ جمعیت علما اسلام نظریاتی اداروں میں شفافیت، انصاف اور احتساب کے لیے ہر آئینی و قانونی آواز میں بھرپور ساتھ دے گا۔ اگر متعلقہ اداروں نے عوامی تحفظات کا سنجیدہ نوٹس نہ لیا تو عوامی سطح پر قانونی، آئینی اور جمہوری طریقے سے مسئلہ اجاگر کیا جائے گا اور چمن کے عوام احتجاج پر مجبور ہوں گے

بقیہ 39

بیف شاپس، ڈیپارٹمنٹل اسٹورز، مصالحہ شاپس و پراسیسنگ یونٹس، نان شاپس، بیکریز، سرکہ پروسیسنگ یونٹ، ہول سیل ٹریڈرز اور جوس شاپس سمیت مختلف مراکز کی چیکنگ کی گئی۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق کوئٹہ کے مشرقی بائی پاس پر 3 مراکز جرمانہ اور 3 کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ شیر جان اسٹاپ پر ایک نان شاپ کو مقررہ 320 گرام کے بجائے 250 گرام نان تیار کرنے، آٹے کی نامناسب اسٹوریج اور PPEs کی عدم موجودگی پر جرمانہ کیا گیا، جبکہ آئس لولی یونٹ کو ناقص صفائی، پراڈکٹ رجسٹریشن نہ ہونے، کھلی نکاسی آب، نامناسب لیبلنگ اور حشرات سے بچا کا نظام نہ ہونے پر جرمانہ کیا گیا۔ واٹر پلانٹ سے پراڈکٹ رجسٹریشن کے لیے سیمپل بھی حاصل کیا گیا۔ میکانگی و کاسی روڈ میں 4 فوڈ پوائنٹس جرمانہ 7 کو اصلاحی نوٹسز جاری ہوئے جبکہ سرکہ کے 4 نمونے لیبارٹری تجزیے کے لیے حاصل کیے گئے۔ سرکہ یونٹ، دو بیکریوں اور جوس شاپ کو ناقص صفائی، غلط لیبلنگ، لائسنس و رجسٹریشن کی عدم موجودگی، نامکمل PPEs، نامناسب اسٹوریج اور ویسٹ مینجمنٹ کی خلاف ورزیوں پر جرمانہ کیا گیا۔ علاوہ ازیں پشلاک میں جنرل اسٹورز، ہوٹلز، ٹینٹ و کیٹوان ہاسز اور نان شاپس کی چیکنگ کے دوران 14 بغیر بی ایف اے لائسنس یونٹس کو چالان کیا گیا، جبکہ 2 مراکز تسلی بخش پائے گئے۔ ممنوعہ اشیا، گٹکا، چائنیز نمک اور نان فوڈ گریڈ کلرز کے استعمال و فروخت سے بھی خبردار کیا گیا۔ بروری و اسپنی روڈ کوئٹہ میں عوامی شکایات پر متعدد یونٹس کی چیکنگ کے دوران 4 مراکز کو جرمانہ کیا گیا۔ مصالحہ یونٹ، نان شاپ اور بی ایم سی ہسپتال کی دونوں کینٹینز کو ناقص صفائی، کم وزن نان، غیر معیاری رنگ، نامناسب اسٹوریج، ناقص ریفریجریشن، گندے پانی کے ٹینک، نامناسب نکاسی آب، دودھ میں برف ملانے اور مشکوک جوسز سمیت مختلف خلاف ورزیوں پر جرمانے کیے گئے۔ اسی طرح لورالائی میں 4 ریسٹورنٹس جرمانہ اور 2 کو اصلاحی نوٹسز دیے گئے جبکہ ڈھاڈر میں ایک بیکری اور 8 کریانہ اسٹورز کو ایکسپائرڈ مصنوعات اور تاریخوں کی عدم موجودگی پر جرمانہ کیا گیا۔ حب میں 2 ریسٹورنٹس اور ایک بریانی شاپ ناقص صفائی، مضر صحت آئل و رنگوں کے استعمال اور غیر مناسب پیکنگ پر جرمانے کیے گئے۔ خضدار میں 3 ریسٹورنٹس، 5 ہول سیل ٹریڈرز سمیت مختلف مراکز کو جرمانہ اور 16 کو اصلاحی نوٹسز جاری ہوئے، جبکہ ایکسپائرڈ و ممنوعہ اشیا بھی ضبط کی گئیں۔ تربت میں 7 جنرل اسٹورز، 2 فاسٹ فوڈ پوائنٹس، 2 مصالحہ شاپس، 2 کٹنگ یونٹس اور ایک ملک شاپ سمیت 14 مراکز کو جرمانہ اور 19 کو اصلاحی نوٹسز دیے گئے۔ ایکسپائرڈ مشروبات، کیکس، مصالحے، جیلی کسٹرڈ پاؤڈر، بسکٹس، کینڈیز، اچار، جوسز اور ممنوعہ سویٹ سپاری ضبط کر کے موقع پر تلف کر دی گئی۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی، غیر معیاری خوراک، ممنوعہ اشیا اور ناقص حفظان صحت کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 40

ینگ ایجنسیوں کی جانب سے پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری کا اعتراف خوش آئند ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان کی معیشت استحکام کی جانب گامزن ہے، بین الاقوامی اداروں کی جانب سے ریٹنگ میں بہتری اس کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے معیشت کو مستحکم کرنے اور بیرونی شعبے میں بہتری کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ معاشی استحکام کے لیے حکومت کی مسلسل محنت اور اصلاحات کے نتیجے میں عالمی اداروں کا پاکستان پر اعتماد بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کو پائیدار بنیادوں پر استوار کرنے کے لیے حکومت اصلاحات کا عمل مزید تیز کرے گی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہماری منزل پاکستان کو ایک مضبوط، خود کفیل اور پائیدار معیشت بنانا ہے

بقیہ 41

دہشت گردوں کی سفاک ذہنیت کا واضح ثبوت ہے۔ معصوم شہریوں اور محنت کش پاکستانیوں کا خون بہانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد سمجھ لیں کہ معصوم پاکستانیوں کی شہادت ہمارے عزم کو کمزور نہیں بلکہ مزید مضبوط کرتی ہے۔ بلوچستان میں امن، ترقی اور عوام کے تحفظ کے لیے ریاستی ادارے پوری قوت کے ساتھ دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائی جاری رکھیں گے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکی ہے، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ بلوچستان میں معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والوں کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ وزیر اعلی نے شہید مزدوروں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں حکومت شہدا کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل جبکہ زخمی مزدوروں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی

بقیہ 42

گیا۔ رہنماؤں نے موجودہ سیاسی صورتحال، ملک کو درپیش چیلنجز، عوامی مسائل اور سیاسی و جمہوری معاملات پر اپنی آراء کا اظہار کیا۔ اس موقع پر موجودہ حالات میں سیاسی جماعتوں کے درمیان رابطوں اور باہمی مشاورت کو مزید موثر بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ ملاقات میں آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کے موثر کردار، جمہوری اقدار کے تحفظ اور ملک میں سیاسی استحکام کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 43

دوست اور دیرینہ رفیق تھے، جن سے ان کے خاندان کے دیرینہ اور گہرے مراسم رہے وزیر اعلی نے کہا کہ جنرل (ر) عمران اللہ خان ایک باوقار، مخلص اور قابل احترام شخصیت تھے۔ ان کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا یقیناً شدت سے محسوس کیا جائے گا۔ مرحوم کی خدمات، شرافت اور اپنے دوستوں سے خلوص کو ہمیشہ قدر و احترام سے یاد رکھا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی جنرل (ر) عمران اللہ خان کی کامل مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ وزیر اعلی بلوچستان نے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی اہل خانہ کو اس ناقابل تلافی نقصان پر صبر و حوصلہ عطا فرمائے۔

بقیہ 44

نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے عزیز محمد کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 45

شروع ہوا۔ اجلاس میں متعدد اہم بلز پیش کیے گئے جنہیں مزید غور و خوض کے لیے متعلقہ کمیٹیوں کے سپرد کر دیا گیا۔ اجلاس کے آغاز پر فوجداری قوانین (ترمیمی) بل پیش کیا گیا۔ سینیٹر شہادت اعوان نے یہ بل ایوان میں پیش کیا جسے متعلقہ کمیٹی کو بھجوا دیا گیا۔ اس کے علاوہ فاطمہ انسٹی ٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ملتان بل بھی پیش ہوا جسے متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ والدین کی دیکھ بھال (ترمیمی) بل سینیٹر ثمینہ زہری نے پیش کیا۔ یہ بل سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ تیزاب گردی کے واقعات کے حوالے سے فوجداری (ترمیمی) بل بھی ایوان میں پیش ہوا جسے متعلقہ کمیٹی کو بھجوا دیا گیا۔ صنعتی تعلقات (ترمیمی) بل سینیٹر کامران مرتضی نے پیش کیا۔ اسے مزید غور و خوض کے لیے متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ اسی طرح انسداد عصمت دری (ترمیمی) بل سینیٹر بشری انجم نے پیش کیا۔ یہ بل بھی مزید غور و خوض کے لیے متعلقہ کمیٹی کو بھجوا دیا گیا۔ اجلاس کے دوران سینیٹر علی ظفر نے ایوان کی کارروائی روک کر تحریک پیش کرنے کا اصرار کیا۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ جو قرارداد لانا چاہتے ہیں اس کا معاملہ عدالت میں زیر بحث ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ پہلے ایوان کی کارروائی ہوگی پھر دیکھا جائے گا۔ اجلاس میں پیش کیے گئے تمام بلز کو متعلقہ کمیٹیوں کے سپرد کر دیا گیا ہے جہاں ان پر تفصیلی غور کیا جائے گا۔

بقیہ 46

ی گئیں۔ مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

بقیہ 47

گا۔ اس قسم کے مقدمات کو اپنے لیے اعزاز سمجھتا ہوں اور ان شاءاللہ اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ ادھر جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی بیان میں کہا گیا ہے کہ گوادر موٹری چیک پوسٹ پر عوام الناس ٹرانسپورٹرز و مسافروں کیساتھ زیادتی و ظلم کے خلاف جماعت اسلامی کے صوبائی امیر ایم پی اے گوادر حق دو تحریک کے قائد مولانا ہدایت الرحمن کے خلاف ایف آئی آر کی شدید مذمت، اس قسم کے منفی ہتھکنڈے جھوٹے مقدمات حق و سچ و حقوق کے حصول کی جدوجہد سے نہیں رکھوا سکتے۔ جماعت اسلامی کے صوبائی بیان میں اس ایف آئی آر کو عوامی آواز کو دبانے کی ناکام کوشش قرار دیا ہے۔ جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ اسمبلی کے اندر و باہر ہر جگہ مظلوم عوام کی واحد توانا آواز ہے۔ بلوچستان میں ہر جگہ ہر ظلم و جبر زیادتیوں کے خلاف ہر جگہ آواز بلند کرتی رہے گی مولانا ہدایت الرحمن نے پہلے اس قسم کے جھوٹے مقدمات پر بیشتر ناانصافی کے خلاف آواز بلند کیا ہے آئندہ بھی مولانا ہدایت الرحمن کی قیادت میں جدوجہد جاری رہے گی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ مولانا ہدایت الرحمن کسی ادارے یا فرد کے خلاف اشتعال انگیزی نہیں بلکہ گوادر میں موٹری چیک پوسٹ پر آتے جاتے مائیں، بہنوں اور بلوچ خواتین کے ساتھ عزت، احترام اور اسلامی و بلوچی روایات کے مطابق برتاؤ یقینی بنانے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی عزت و حرمت کے تحفظ کے لیے آواز بلند کرنا جرم نہیں بلکہ ایک منتخب عوامی نمائندے کی آئینی، اخلاقی اور عوامی ذمہ داری ہے۔ عوامی شکایات کو متعلقہ حکام تک پہنچانا اور شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے آواز اٹھانا جمہوری معاشرے کا بنیادی تقاضا ہے۔ عوامی نمائندوں کے خلاف مقدمات درج کرنے کے بجائے عوامی شکایات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور مسائل کو بات چیت اور قانون کے دائرے میں حل کیا جائے۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کے خلاف درج ایف آئی آر فوری طور پر واپس لی جائے اور موٹری چیک پوسٹ سمیت تمام چیک پوسٹوں پر شہریوں، بالخصوص خواتین کے ساتھ باعزت اور شائستہ رویے کو یقینی بنایا جائے۔ جماعت اسلامی عوام کے بنیادی حقوق، عزت و وقار، آزادی اظہار اور خصوصاً ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کی حرمت کے تحفظ کے لیے ہر آئینی و قانونی فورم پر اپنی آواز بلند کرتی رہے گی۔ حکومت ادارے عوامی آواز کو دبانے کے بجائے عوامی شکایات کا ازالہ کیا جائے۔

بقیہ 48

س میں خطاطی کے فن پاروں کی نمائش کا افتتاح کیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق کو معروف خطاط واصل شاہد نے نمائش میں رکھے گئے خطاطی کے فن پاروں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ حضرت محمد ﷺ کی ذات اقدس پوری انسانیت کے لیے رحمت اور ہدایت کا سرچشمہ ہیں، سیرت النبی ﷺ کی ذات اقدس پر مبنی تقریبات ایمان کو تازگی بخشتی ہیں، سیرت النبی ﷺ سے متعلق خطاطی کی نمائش نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ روحانی اور فکری سرگرمیاں امت مسلمہ کی یکجہتی و اخوت کو مضبوط کرتی ہیں۔ شرکائے تقریب نے خطاطی کی نمائش کو نبی کریم ﷺ کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی بہترین کاوش قرار دیا۔ شرکائے تقریب نے منتظمین کی کاوشوں کو سراہا۔ افتتاحی تقریب میں اسلامی ممالک سے تعلق رکھنے والے سفراء، وفاقی وزراء خواجہ محمد آصف، خالد حسین مگسی، اراکین قومی اسمبلی اور میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔ تقریب میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد اور قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے افسران بھی موجود تھے

بقیہ 49

نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے عزیز محمد کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 50

شروع ہوا۔ اجلاس میں متعدد اہم بلز پیش کیے گئے جنہیں مزید غور و خوض کے لیے متعلقہ کمیٹیوں کے سپرد کر دیا گیا۔ اجلاس کے آغاز پر فوجداری قوانین (ترمیمی) بل پیش کیا گیا۔ سینیٹر شہادت اعوان نے یہ بل ایوان میں پیش کیا جسے متعلقہ کمیٹی کو بھجوا دیا گیا۔ اس کے علاوہ فاطمہ انسٹی ٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ملتان بل بھی پیش ہوا جسے متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ والدین کی دیکھ بھال (ترمیمی) بل سینیٹر ثمینہ زہری نے پیش کیا۔ یہ بل سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ تیزاب گردی کے واقعات کے حوالے سے فوجداری (ترمیمی) بل بھی ایوان میں پیش ہوا جسے متعلقہ کمیٹی کو بھجوا دیا گیا۔ صنعتی تعلقات (ترمیمی) بل سینیٹر کامران مرتضی نے پیش کیا۔ اسے مزید غور و خوض کے لیے متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ اسی طرح انسداد عصمت دری (ترمیمی) بل سینیٹر بشری انجم نے پیش کیا۔ یہ بل بھی مزید غور و خوض کے لیے متعلقہ کمیٹی کو بھجوا دیا گیا۔ اجلاس کے دوران سینیٹر علی ظفر نے ایوان کی کارروائی روک کر تحریک پیش کرنے کا اصرار کیا۔

عوامی سطح پر قانونی، آئینی اور جمہوری طریقے سے مسئلہ اجاگر کیا جائے گا اور چمن کے عوام احتجاج پر مجبور ہونگے

ڈگری کالج چمن میں مبینہ بے ضابطگیوں کی آزادانہ تحقیقات کرائی جائیں

چمن ڈگری کالج کے پرنسپل کے خلاف شکایات کا فوری نوٹس لیا جائے، غفلت پر عوام احتجاج پر مجبور ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے رہنماؤں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان، ڈی جی ایجوکیشن، ڈائریکٹر ہائی ایجوکیشن، سیکرٹری تعلیم بلوچستان اور سیکرٹری ہائر ایجوکیشن بلوچستان سے اپیل کی ہے کہ ڈگری کالج چمن کے پرنسپل کے خلاف مبینہ بے ضابطگیوں اور شکایات کی آزادانہ تحقیقات کرائی جائیں (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

رواں سال امتحانات جلد منعقد کیے جائیں گے، ای ای او سبی

گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول جمعہ خان گولہ کا تفصیلی اور اچانک دورہ

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی کی خصوصی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سبی نے گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول جمعہ خان گولہ کا اچانک دورہ کیا اور اسکول کے تعلیمی نظام، اساتذہ کی حاضری اور طلبہ کی تعلیمی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر گاڑیوں پر فائرنگ کے واقعات

مسافر گاڑیوں پر فائرنگ سے گاڑیوں کے شیشے ٹوٹ گئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر مختلف مقامات پر مسافر گاڑیوں پر فائرنگ کے واقعات پیش آئے جس سے گاڑیوں کے شیشے ٹوٹ گئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

کوئٹہ: صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو 12 ربیع الاول کے سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان میں ان شاہراہوں پر شہریوں کو تحفظ فراہم نہ کیا جانا حکومتی ذمہ داریوں سے سنگین غفلت کے مترادف ہے

بلوچستان کی قومی شاہراہیں قتل گاہیں اور لوٹ مار کے اڈے بن چکی ہیں

آئے روز مسافروں کو لوٹنے، گاڑیاں چھیننے اور مزاحمت پر فائرنگ کر کے شہریوں کو شہید کرنے کے واقعات معمول بن چکے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر حمزہ شاہوانی، میر شکیل احمد، اسفندیار خان ودیگر نے کہا ہے کہ بلوچستان کی قومی شاہراہیں قتل گاہیں اور لوٹ مار کے اڈے بن چکی ہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

اے ڈی سی لسبیلہ کی زیرِ صدارت ضلع بھر کے علماء کرام کا اجلاس

ضلع میں بھائی چارے، امن اور محبت کی فضا کو برقرار رکھا جائے گا

لسبیلہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کی زیر صدارت ضلع بھر کے علماء کرام کا اجلاس منعقد ہوا جس میں 12 ربیع الاول کے جلوسوں اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈی ایس پی سید مہتاب شاہ، اسسٹنٹ کمشنر اور مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام نے شرکت کی (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

وفاقی محتسب کی کھلی کچہری، گوادر

شکایت کنندگان کو 153400 روپے کی ادائیگی

گوادر (خ ن) وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر کے زیر اہتمام کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں شکایات سنی گئیں اور شکایت کنندگان کو 153400 روپے کی ادائیگی کرائی گئی (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

شاہد رند میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

محنت کش مزدوروں کو نشانہ بنانا دہشت گردوں کی سفاکیت اور بزدلی کا ثبوت ہے

بلوچستان کے عوام نے دہشت گردی کے خلاف بے شمار قربانیاں دی ہیں، معاون خصوصی

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے ضلع پشین کے علاقے سرانان بازار میں سڑک کی تعمیر پر مامور محنت کش مزدوروں کو نشانہ بنانے کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

قوم پرستی کی آڑ میں نوجوانوں کی ذہن سازی کی مبینہ سازش کا پردہ چاک

واقعات کو مسخ کر کے نوجوانوں میں منفی اور اشتعال انگیز بیانیہ فروغ دینے کیلئے کوشاں

کوئٹہ (خ ن) قوم پرستی کی آڑ میں نوجوانوں کی ذہن سازی کی مبینہ سازش کا پردہ چاک ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق کالعدم تنظیموں سے منسلک عناصر سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کو ریاست کے خلاف اکسانے کی کوشش کر رہے ہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

ریٹیل اسکیم کے ذریعے تاجروں کو آسانیاں فراہم کی جا رہی ہیں، چیف کمشنر انکم ٹیکس

مشاورت سے نہ صرف کاروباری مسائل کو بہتر انداز میں حل کر سکتا ہے بلکہ ٹیکس نظام میں بھی بہتری لائی جا سکتی ہے

چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو کوئٹہ میں انجمن تاجران بلوچستان، کوئٹہ چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے وفد کا ریٹیلرز اسکیم سے متعلق اجلاس

کوئٹہ (خ ن) چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو کوئٹہ نے کہا ہے کہ ریٹیلرز اسکیم کے ذریعے تاجروں کو آسانیاں فراہم کی جا رہی ہیں اور تاجر برادری کی مشاورت سے ٹیکس نظام کو بہتر بنایا جائے گا (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

غیر معیاری خوراک کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا تابڑ توڑ کریک ڈاؤن

4 فوڈ پوائنٹس جرمانہ 7 کو اصلاحی نوٹسز جاری ہوئے جبکہ سرکہ کے 4 نمونے لیبارٹری تجزیے کیلئے حاصل کیے گئے

60 مراکز جرمانہ، 100 سے زائد کو اصلاحی نوٹسز، پروسیسنگ یونٹ، ہول سیل ٹریڈرز اور جوس شاپس سمیت مختلف مراکز کی چیکنگ کی گئی

کوئٹہ (آن لائن) غیر معیاری اور مضر صحت خوراک کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن جاری ہے۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے کوئٹہ، تربت، خضدار، لورالائی، ژوب اور دیگر علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 60 مراکز پر جرمانے عائد کیے جبکہ 100 سے زائد کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں اور معیار کا جائزہ لینے کیلئے پرائس کنٹرول کمیٹی متحرک

گرانفروشی اور سرکاری نرخنامہ کی خلاف ورزی کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی، تحصیلدار

قلات (خ ن) اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں اور معیار کا جائزہ لینے کیلئے پرائس کنٹرول کمیٹی متحرک ہو گئی۔ تحصیلدار قلات نے بازاروں کا دورہ کر کے دکانداروں کو سرکاری نرخنامہ آویزاں کرنے کی ہدایت کی (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

مولانا ہدایت الرحمان نے متعدد دیہات اور گاؤں کو پانی کی فراہمی کے منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے شادی کور ڈیم سے متعدد دیہات کو پانی کی فراہمی کے منصوبے کا افتتاح کیا (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

پشین کے سرانان میں دہشتگردی میں 5 مزدوروں کی شہادت قابل مذمت ہے، ڈی ایم

ریلوے کی مزید 20 ہزار پوسٹیں ختم کرنے کا منصوبہ مسترد، ستمبر میں ملک گیر لرین مارچ کا اعلان

ریلوے ملازمین کے مسائل کے حل اور پوسٹوں کے خاتمے کے خلاف بھرپور مزاحمت کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) ریلوے ورکرز یونین کے رہنماؤں نے ریلوے کی مزید 20 ہزار پوسٹیں ختم کرنے کے منصوبے کو مسترد کرتے ہوئے ستمبر میں ملک گیر لانگ مارچ کا اعلان کیا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے رہنماؤں نے پشین کے علاقے سرانان میں دہشتگردی کے واقعے میں 5 مزدوروں کی شہادت کی شدید مذمت کی (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

اوستہ محمد، میونسپل کارپوریشن کے ملازمین تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف سراپا احتجاج

سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں کا شہر میں پانچ روز سے صفائی نہ ہونے پر شدید غم و غصہ کا اظہار

اوستہ محمد (آن لائن) میونسپل کارپوریشن کے ملازمین تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف سراپا احتجاج ہیں جس کے باعث شہر میں صفائی کا نظام مفلوج ہو کر رہ گیا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

بلوچستان ایجوکیشن ڈویلپمنٹ ایجنڈا، موسیٰ خیل میں 115 میں سے 96 ترقیاتی منصوبے مکمل

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے پسماندہ ضلع موسیٰ خیل میں تعلیمی شعبے کی بہتری کے لیے بلوچستان ایجوکیشن ڈویلپمنٹ ایجنڈا کے تحت 115 میں سے 96 ترقیاتی منصوبے مکمل کر لیے گئے ہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (میل) لہڑی لیاقت علی لغاری تحصیل لہڑی کے مختلف پرائمری سکولوں کا دورہ کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرِ صدارت اجلاس

پرامن و امان اور سکیورٹی کے موثر انتظامات کو یقینی بنانے کے عزم کا اظہار

12 ربیع الاول کے موقع پر امن و امان اور سکیورٹی کے موثر انتظامات کو یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کیا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت 12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر جلوسوں اور دیگر مذہبی پروگراموں کے سکیورٹی و انتظامی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں 12 ربیع الاول کے جلوسوں کے لیے جامع سکیورٹی پلان کا جائزہ لیا گیا جبکہ جلوسوں کے روٹس پر سکیورٹی انتظامات اور دیگر ضروری اقدامات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ جلوسوں کے دوران سکیورٹی کے فول پروف انتظامات یقینی بنائے جائیں۔ اجلاس میں جلوسوں کے منتظمین (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

جعفر ایکسپریس 25 اور 26 اگست کو بھی معطل، مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس 25 اور 26 اگست کو بھی نہیں چلائی جائے گی۔ ریلوے حکام کے مطابق متاثرہ مسافروں کو ٹکٹوں کی رقم واپس (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

لورالائی، بی ایف اے کی کارروائی 4 ریسٹورنٹس مالکان کو جرمانے عائد

لورالائی (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی (بی ایف اے) زونل انسپکشن ٹیم نے حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی اور ناقص خوراک کی فراہمی کے خلاف کارروائی کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

ڈپٹی کمشنر چمن کی زیرِ صدارت کھلی کچہری کا انعقاد

عوامی مسائل کا بروقت حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر کمپلیکس ہال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد شہریوں کے مسائل، شکایات اور تجاویز براہ راست سننا اور ان کے فوری حل کے لیے اقدامات اٹھانا تھا۔ کھلی کچہری میں آرمی کے کرنل اسد، ڈی پی او چمن اعتزاز عارف، مختلف سرکاری محکموں کے افسران، قبائلی عمائدین، تاجر برادری، نوجوانوں، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر قبائلی عمائدین، (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

کوئٹہ (پ ر) صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بد عنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے۔ جس میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو بذات خود سنتے ہیں۔ اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد مورخہ 27 اگست 2026 (بروز جمعرات) بوقت صبح گیارہ تا ایک بجے سہ پہر کو نیب (بلوچستان) کے دفتر واقع شاہراہ گلستان روڈ کوئٹہ کینٹ میں کیا جائے گا۔ درخواست کنند (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

کمشنر قلات ڈویژن قادر بخش پرکانی سے قبائلی رہنما سردار مہراللہ قمبرانی کی قیادت میں قبائلی عمائدین ملاقات کر رہے ہیں

صوبائی حکومت غم کی اس گھڑی میں شہید مزدوروں کے خاندانوں کے ساتھ برابر کی شریک ہے

معصوم مزدوروں اور عام شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ اور انسانیت دشمن عمل ہے، بابر یوسفزئی

کالعدم دہشت گرد تنظیمیں معصوم شہریوں، مزدوروں اور مسافروں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنا رہی ہیں

کوئٹہ (خ ن) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے پشین کے علاقے سرانان میں سڑک پر کام کرنے والے چار نہتے اور معصوم مزدوروں کی شہادت کے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم مزدوروں اور عام شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ اور انسانیت دشمن عمل ہے۔ اپنے ایک بیان میں بابر یوسفزئی نے کہا کہ کالعدم دہشت گرد تنظیمیں معصوم شہریوں، مزدوروں اور مسافروں کو سافٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

ڈپٹی کمشنر دکی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

صفائی ستھرائی اور عوام کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر دکی ڈاکٹر بہادر خان لونی، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر جوہر خان شادوزئی، اے ڈی ایم پی پی ایچ آئی راز محمد، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر عبدالباقی، ایم اینڈ ای آفیسر ای پی آئی پیر محمد اور دیگر متعلقہ محکموں و اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس میں کیے گئے فیصلوں اور جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ میڈیکل آفیسرز، لیڈی (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

ڈھاڈر پولیس کی کارروائی، ہندو تاجر کے گھر میں ڈکیتی میں ملوث تین ملزمان گرفتار، لوٹی گئی رقم اور اشیا برآمد

ڈھاڈر (آن لائن) ڈھاڈر پولیس کی کارروائی ہندو تاجر کے گھر میں ڈکیتی میں ملوث تین ملزمان گرفتار لوٹی گئی رقم اور اشیا برآمد تفصیلات کے مطابق ڈھاڈر پولیس کی ایک کارروائی میں چند روز قبل ڈھاڈر شہر رندلی بازار میں ہندو تاجر کے گھر میں ڈکیتی کی واردات میں ملوث تین ملزمان گرفتار کر لیے گئے ہیں

کمشنر خضدار سے قبائلی عمائدین اور سرکاری افسران کی ملاقات

ملاقات میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے اور عوامی مسائل حل کرنے پر اتفاق

خضدار (خ ن) کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی سے قبائلی عمائدین اور سرکاری افسران نے ان کے آفس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں علاقے کے امن و امان، ترقیاتی کاموں اور عوامی فلاح سے متعلق امور پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ وفد میں سردار مہراللہ قمبرانی، سردار حیات خان ساجدی، جے یو آئی سوراب کے جنرل سیکرٹری میر مقبول احمد گرگناڑی، انجینئر عبداللہ گرگناڑی، ڈی ایچ او خضدار ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی اور لوکل گورنمنٹ آفیسر عبدالقیوم عمرانی شامل تھے۔ قبائلی عمائدین نے کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی کو عہدہ سنبھالنے پر مبا (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم کی زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنر کمپلیکس میں کھلی کچہری کا انعقاد

لورالائی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم کی زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنر کمپلیکس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد شہریوں کے مسائل، شکایات اور تجاویز براہ راست سننا اور ان کے فوری حل کے لیے عملی اقدامات اٹھانا تھا کھلی کچہری میں ایف سی کے (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

چارسدہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سابق گورنر بلوچستان جنرل ریٹائرڈ عمران اللہ خان کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

کوہلو میں بجلی منقطع ہونے سے متعدد علاقوں میں پانی کی شدید قلت، شہری سراپا احتجاج

کیسکو اور محکمہ پی ایچ ای کا تنازع فوری حل، بجلی بحال کر کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ شہری

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں کیسکو کی جانب سے مبینہ طور پر عدم ادائیگی کے باعث محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) کی پانی فراہم کرنے والی مشینوں کی بجلی منقطع کیے جانے سے شہر کے مختلف علاقوں میں شدید قلت آب پیدا ہوگئی ہے، جس کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق بجلی کی فراہمی منقطع ہونے کے باعث سردار شہر، ملک ہاشم کلی، کلی چرمی، کلی علن، کلی حاجی پیر محمد، کلی عالیانی، نیو کلی، کلی موسیٰ خان اور کلی حاجی عبدالرازق زرکون سمیت متعدد علاقوں میں پانی کی سپلائی متاثر ہوئی ہے۔ متاثرہ علاقوں (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

کوہلو، گزشتہ شب نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) کوہلو کے علاقے میں گزشتہ شب نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس کے مطابق گزشتہ شب کوہلو کے علاقے گرسنی میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کو ضروری (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ کی زیرِ صدارت اجلاس

اراضی حصول سے متعلق امور کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ حافظ محمد طارق کی زیر صدارت مختلف اراضی حصول کے منصوبوں میں منظور شدہ ایوارڈز کی پیش رفت اور حاصل شدہ اراضی کے انتقالات متعلقہ حصول کنندہ محکموں کے نام منتقل کرنے کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تحصیلدار زرغون، سریاب، صدر، کچلاک سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مختلف اراضی حصول کے منصوبوں، منظور شدہ ایوارڈز پر پیش رفت (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اہم اجلاس

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے متعلقہ محکموں کے سربراہان اور افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں جاری اور مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے آئندہ (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

ڈپٹی کمشنر ساگر کمار اور ڈسٹرکٹ سپروائزر نصر الدین کاکڑ کی ملاقات

تعلیمی معیار، طلبہ کی حاضری اور اسکولوں کو درپیش مسائل سمیت مختلف امور کا جائزہ

قلعہ سیف اللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر ساگر کمار ڈسٹرکٹ سپروائزر نصر الدین کاکڑ کے درمیان بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے تحت چلنے والے اسکولوں کے حوالے (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

لورالائی بلوچستان فوڈ اتھارٹی زونل انسپکشن ٹیم حفظان صحت کے خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف کارروائی کر رہی ہے

آپ ﷺ کی شریعت آخری شریعت، آپ کی نبوت آخری نبوت ہے، مولانا محمد احمد خان ودیگر

آپ ﷺ کی تعلیمات امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ ہیں، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

تاج دار ختم نبوت حضرت محمد ﷺ کی ولادت با سعادت ایسا تاریخ ساز لمحہ اور عظیم انقلاب ہے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) تاج دار ختم نبوت حضرت محمد ﷺ کی ولادت با سعادت ایک ایسا تاریخ ساز لمحہ اور عظیم انقلاب ہے جس نے کائنات کو ایک نئی جہت نیا موڑ اور فلاح و کامرانی کا ایک نیا دستور عطا کیا آپ نے انسانیت کو جینے کا حوصلہ اور زندہ رہنے کا سلیقہ عطا کیا ان خیالات کا اظہار عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے صوبائی ناظم تبلیغ مولانا مفتی محمد احمد خان اور صوبائی مبلغ مولانا محمد اویس نے فیاض حسن سجاد ویلفیئر فاؤنڈیشن (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

کانگو وائرس سے بچاؤ کیلئے آگاہی سیمینار، قصابوں اور مالداروں کو حفاظتی اقدامات کی عملی تربیت

کانگو وائرس سے بچاؤ کیلئے دستانے، ماسک اور حفاظتی سامان کا استعمال ناگزیر ہے۔ محکمہ لائیو اسٹاک

لورالائی (خ ن) لورالائی میں کانگو وائرس سے بچاؤ اور حفاظتی اقدامات کے حوالے سے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک کے دفتر میں ایک اہم آگاہی سیمینار منعقد ہوا، جس کی صدارت ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک محمد رحیم نیازی نے کی، جبکہ ڈائریکٹر لائیو اسٹاک شیخ ظاہر مندوخیل نے خصوصی شرکت کی۔ سیمینار میں ایف اے او کے ٹیم لیڈر ڈاکٹر امین اللہ کاکڑ، بی آر ایس پی (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

تال میں شادی بیاہ کی تقریبات میں رات گئے تک بلند آواز میں گانے، شہریوں کا انتظامیہ سے کارروائی کا مطالبہ

تال (آن لائن) تال اور گرد و نواح میں شادی بیاہ کی تقریبات کے دوران ہیوی اسپیکر پر انتہائی بلند آواز میں رات گئے تک گانے (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

حاجی عبدالحمید کا بقضائے الٰہی انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) حاجی عبدالحمید کا بقضائے الٰہی انتقال کر گئے۔ وہ محمد آصف ایریگیشن، جہانزیب خان ایریگیشن، جاوید احمد کیسکو، سجاد احمد اور اعجاز احمد کے والد، حاجی عبدالغفار، حاجی عبدالستار مرحوم، حاجی عبدالجبار مرحوم، عبداللہ خان مرحوم، حاجی نصراللہ مرحوم اور نقیب اللہ کے بھائی تھے۔ مرحوم کا جنازہ اور تدفین مورخہ 25 اگست، بروز منگل شام 5:30 بجے کلی زرغو (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اورنگزیب خان نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض کی انجام دہی شروع کر دی

قلعہ سیف اللہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اورنگزیب خان نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض کی انجام دہی شروع کر دی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

خضدار میں اعلیٰ تعلیم کے نئے مواقع کھلیں گے، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

یونیورسٹی آف خضدار میں بطور وائس چانسلر تین سالہ کارکردگی سب کے سامنے ہے

ڈاکٹر سہراب بزنجو کی بطور وائس چانسلر شہید سکندر زہری یونیورسٹی خضدار تعیناتی خوش آئند ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے شہید نوابزادہ سکندر زہری یونیورسٹی خضدار کے پہلے وائس چانسلر ڈاکٹر سہراب بزنجو کی تعیناتی پر انہیں مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی تعیناتی سے جھالاوان بالخصوص خضدار میں تعلیم کے فروغ اور نوجوانوں کے لیے اعلیٰ تعلیم کے نئے مواقع پیدا ہوں گے (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

کوئٹہ، سیکورٹی فورسز کی کارروائی، دالبندین میں سمگلنگ کی کوشش ناکام

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کے عملے نے دالبندین کے علاقے میں سمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے لاکھوں روپے مالیت کے گاڑیوں کے ٹائر، سلائی مشین، قالین اور دیگر سامان قبضے میں لے لیا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز دالبندین میں سیکورٹی فورسز کے عملے (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

جلد ان عناصر کی بیخ کنی کر کے ملک اور صوبے کو امن کا گہوارہ بنایا جائیگا، میر صادق عمرانی

دہشت گرد عناصر امن و امان کی صورتحال کو خراب کرنے کیلئے نہتے مزدوروں پر حملہ کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے سرانان بازار میں سڑک کی تعمیر میں مصروف چار مزدوروں کے بہیمانہ قتل پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ دہشت گرد عناصر امن و امان کی صورتحال کو خراب کرنے کیلئے نہتے مزدوروں پر حملہ کر رہے ہیں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ان کا انسانیت سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ غریب مزدور دور دراز علاقوں سے اپنے بچوں اور خاندان کی کفالت کیلئے سخت موسمی حالات (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

ڈھاڈر میں ہندو تاجر کے گھر ڈکیتی کا معمہ حل، پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر کے لوٹی رقم و سامان برآمد کر لیا

ڈھاڈر (آن لائن) ڈھاڈر پولیس کی کارروائی ہندو تاجر کے گھر میں ڈکیتی میں ملوث تین ملزمان گرفتار لوٹی گئی رقم اور اشیا برآمد تفصیلات کے مطابق ڈھاڈر پولیس کی ایک کارروائی میں چند روز قبل ڈھاڈر شہر رندلی بازار میں ہندو تاجر کے گھر میں ڈکیتی کی واردات (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

کوئٹہ، تعمیر نو ٹرسٹ کمپلیکس میں ریاض القرآن کے افتتاح کے موقع پر بچے اور بچیاں دعا مانگ رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com